”(روزِ قیامت)، اللہ کا ہر بندہ، اُسی (عقیدے اور عمل) کے ساتھ اٹھایا جائے گا جس پر اُس کی موت واقع ہوئی ہو۔“

(صحیح مسلم، کتاب الجنة وصفة نعیمها واهلها، باب 19، حدیث 2878)

65:- Narrated Jabir رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا, The Prophet صلی اللہ علیہ وسلم said: (On the day of Judgement) Everyone will be raised with the same creed on which he died.

❊❊❊❊❊❊❊❊❊❊❊❊❊❊❊

عراف اور نجومی

Fortuneteller and astrologer

(66) عَنْ صَفِيَّةَ عَنْ بَعْضِ اَزْوَاجِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:

مَنْ اَتٰى عَرَّافًا فَسَأَلَهٗ عَنْ شَيْءٍ

”جو (مسلمان) کسی عراف (نجومی، عامل یا غیب کے علم کا دعویٰ کرنے والے شخص) کے پاس جا کر (قسمت کے بارے میں) کوئی سوال کرے گا

لَمْ تُقْبَلْ لَهٗ صَلَاةُ اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً

تو چالیس دنوں تک اُس کی نماز قبول نہیں کی جائے گی۔“

(صحیح مسلم، کتاب السلام، باب تحریم الکهانه، باب 35، حدیث 2230)

66:- Narrated Safiyyah رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْھَا, from some of the wives of Prophet Muhammad (PBUH): The Prophet ﷺ said:
Whoever (of the muslims) went to a fortuneteller and asked him anything (about his fortune), his prayers will not be accepted for forty days.

بدشگونی شرک ہے

To take omens is idolatry.

(67) عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ:

اَلطِّيَرَةُ شِرْكٌ اَلطِّيَرَةُ شِرْكٌ

"بدشگونی شرک ہے، بدشگونی شرک ہے۔"

(سنن ابی داؤد' کتاب الطب ، باب 24 ، حدیث 3910، صحیح)

67:- Narrated Abdullah bin Mas'ud رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْھَا,The Prophet ﷺ said:
To believe in evil omen is idolatry; to believe in evil omen is idolatry.

Magic جادو

(68) عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ:

اِجْتَنِبُوا الْمُوبِقَاتِ اَلشِّرْكَ بِاللهِ وَالسِّحْرَ

"دو(2) ہلاک کردینے والی چیزوں سے بچو! ، اللہ کے ساتھ شرک اور جادو"۔

(صحیح بخاری ، کتاب الطب ، باب 48 ، حدیث 5764)

68:- Narrated Abu Hurairah رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْھَا,The Prophet ﷺ said:
Guard yourself against the things that destroy: i.e. making partners with Allah Shirk and magic (practice and believe in it).

علمِ نجوم بھی جادو کی ایک قسم ہے
Astrology is a kind of magic.

(69) عَنْ عَبْدِاللهِ بْنِ عَبَّاسٍ ؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ:

مَنِ اقْتَبَسَ عِلْمًا مِنَ النُّجُوْمِ

"جس نے ذرا سا بھی "علم النجوم (ستاروں کا علم)" حاصل کیا

اِقْتَبَسَ شُعْبَةً مِنَ السِّحْرِ

درحقیقت اس نے جادو ہی کا ایک حصہ حاصل کیا۔"

(سنن ابی داؤد، کتاب الطب، باب 22، حدیث 3905)

69:- Narrated Abdullah bin Abbas رَضِیَ اللهُ تَعَالٰی عَنْهُمَا، The Prophet ﷺ said:
Whoever learnt something of astrology, he, in fact learnt a part of magic.

✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲

Ill omen نحوست

(70) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ ؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ:

لَا عَدْوٰی وَلَا طِیَرَةَ

"(اسلام میں) نہ تو چھوت چھات ہے، اور نہ بدشگونی

وَلَا هَامَةَ وَلَا صَفَرَ

نہ تو الو میں نحوست کی کوئی حقیقت ہے، اور نہ صفر کے مہینے میں بھی کوئی نحوست ہے۔

وَفِرَّ مِنَ الْمَجْذُوْمِ كَمَا تَفِرُّ مِنَ الْأَسَدِ

البتہ (متعدی مرض) جذام کے مریض سے ایسے بھاگو! جیسے تم شیر سے بھاگتے ہو۔"

(صحیح بخاری ، کتاب الطب ، باب 19 ، حدیث 5707)

70:- Narrated Abu Hurairah رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا, The Prophet ﷺ said: There is neither contagious diease, nor ill-omen, nor evil influence in the owl or the month of safar (according to Islam). However, you should run away from the leper as you would run away from the lion.

✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲

کہانت Soothsaying

(7) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ ؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

مَنْ اَتٰی حَائِضًا

"جس نے حائضہ عورت کے ساتھ ہم بستری کی،

اَوِ امْرَأَةً فِیْ دُبُرِهَا

یا بیوی کے ساتھ (پاخانے کی جگہ میں) لواطت کی

اَوْ كَاهِنًا فَصَدَّقَهٗ بِمَا یَقُوْلُ

یا کاہن (عامل نجومی) کے پاس گیا اور اُس کی باتوں کی تصدیق کی،

فَقَدْ كَفَرَ بِمَا اُنْزِلَ عَلٰی مُحَمَّدٍ

اس نے درحقیقت، محمد ﷺ پر نازل شدہ (وحی) کا انکار کیا۔"

(سنن ابن ماجه 'كتاب الطهارة و سننها ، باب 122 ، حديث 639، صحیح)

71:- Narrated Abu Hurairah رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْھَا, The Prophet ﷺ said: Whoever had sexual intercourse with his wife during menstruation or through her anus, or went to a soothsayer and believed in what he said, has denied what was revealed to Muhammad (PBUH).

✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲

نفاق اور منافقین

Hypocrisy and Hypocrites.

(72) عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ رضی قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ:

مَثَلُ الْمُنَافِقِ كَمَثَلِ الشَّاةِ الْعَائِرَةِ بَيْنَ الْغَنَمَيْنِ

"منافق کی مثال، اُس پریشان بکری کی سی ہے،
جو دو(2) ریوڑوں کے درمیان متردد ہو،

تَعِيْرُ إِلٰى هٰذِهٖ مَرَّةً وَإِلٰى هٰذِهٖ مَرَّةً

کبھی ایک ریوڑ کی طرف متوجہ ہو جاتی ہے، تو کبھی دوسری طرف۔"

(صحیح مسلم 'کتاب صفات المنافقین و احکامھم ، باب 1 ، حدیث 2784)

72:- Narrated Abdullah bin Umar رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْھَا, The Prophet ﷺ said:
The example of a hypocrite is that of a stray goat that wanders between two flocks of goats. Sometimes it goes to one flock and sometimes it goes to the other.

✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲

(73) عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:

اَثْقَلُ الصَّلَاةِ عَلَى الْمُنَافِقِيْنَ الْعِشَآءُ وَالْفَجْرُ

''منافقین کے لیے مشکل ترین نمازیں، فجر اور عشاء کی ہوتی ہیں۔''
(کیونکہ اندھیرے میں ریاکاری کا امکان نہیں ہوتا)

(صحیح بخاری 'کتاب مواقیت الصلاۃ، باب 20)

73:- Narrated Abu Hurairah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا, The Prophet صلی اللہ علیہ وسلم said: The Isha (night) and Fajr (morning) prayers are more cumbersome for a hypocrite.

****

منافقین کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے رازدار صحابی حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بن یمان کہتے ہیں۔

(74) عَنْ حُذَيْفَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ:

كَانُوْا يَوْمَئِذٍ يُسِرُّوْنَ وَالْيَوْمَ يَجْهَرُوْنَ

''پہلے یہ چھپ کر کارروائیاں کرتے تھے، آج کل برسرِ عام کرتے ہیں۔''

(قول حذیفہ بن یمان، بخاری 'کتاب الفتن، باب 21، حدیث 7113)

74:- Huzaifah bin Yaman (R.A.) who was a close confidant of the messenger of Allah (PBUH) says about the hypocrites:
They (hypocrites) used to hide their activities (in the past) but they do them openly now days.

****

(75) عَنْ كَعْبٍ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:

مَثَلُ الْمُؤْمِنِ كَالْخَامَةِ مِنَ الزَّرْعِ

''مؤمن کی مثال، اس تروتازہ گھاس کی سی ہے،

تُفَيِّئُهَا الرِّيحُ مَرَّةً وَتَعْدِلُهَا مَرَّةً

جسے ہوا کبھی ٹیڑھا کر دیتی ہے اور کبھی سیدھا،

وَمَثَلُ الْمُنَافِقِ كَالْاَرْزَةِ

جب کہ منافق کی مثال، صنوبر کے درخت کی سی ہے،

لَاتَزَالُ حَتّٰى يَكُوْنَ اِنْجِعَافُهَا مَرَّةً وَّاحِدَةً

وہ سیدھا کھڑا رہتا ہے حتیٰ کہ ایک ہی جھٹکے میں جڑ سے اکھڑ جاتا ہے۔"

(صحيح بخاری' كتاب المرضى ، باب 1 ، حديث 5643)

75:- Narrated K'ab رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهَا, The Prophet ﷺ said:
The example of a believer is that of the fresh grass which sometimes bends with the wind and sometimes straightens; while the example of a hypocrite is that of a cedar tree which stands erect until it is eradicated by one blow.

❊❊❊❊❊❊❊❊❊❊❊❊❊❊❊

(76) عَنْ عَائِشَةَ رضـ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ:

يَا عُثْمَانُ اِنْ وَلَّاكَ اللهُ الْاَمْرَ

"اے عثمان رضـ! اگر اللہ تعالیٰ خلافت کے معاملات تمہارے حوالے کر دے

فَاَرَادَكَ الْمُنَافِقُوْنَ اَنْ تَخْلَعَ قَمِيْصَكَ الَّذِىْ

اور منافقین، اللہ کی طرف سے عطا کردہ تمہاری خلعت کو اتارنے کی کوشش کریں

قَمَّصَكَ اللهُ فَلَا تَخْلَعْهُ

تو اس کو ہرگز مت اتارنا!" (سنن ابن ماجه ، المقدمة ، باب 11 ، حديث 112، صحيح)

76:- Narrated Aishah رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهَا, The Prophet ﷺ said:
O Uthman! If Allah bestows the caliphate upon you and the hypocrites want to divest you of this garment, which had been bestowed upon you, do not renounce it.

غیر اللہ کی قسم

Taking oath by others than Allah.

Only Allah's oath should be taken. اللہ ہی کی قسم کھائی جائے

(77) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:

مَنْ كَانَ حَالِفًا فَلْيَحْلِفْ بِاللّٰهِ

''قسم کھانے والے کو اللہ ہی کی قسم کھانی چاہیے،

اَوْ لِيَصْمُتْ

بصورت دیگر خاموشی اختیار کرنی چاہیے۔''

(صحیح بخاری ، کتاب الأیمان والنذور ، باب 4 ، حدیث 6646)

77:- Narrated Abdullah bin Umar رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا, The Prophet صلی اللہ علیہ وسلم said:
Whoever takes an oath; he must take it by Allah or be quiet.

✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲

(78) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:

مَنْ حَلَفَ بِغَيْرِ اللّٰهِ

''جس نے اللہ کے علاوہ کسی اور چیز کی قسم کھائی

فَقَدْ كَفَرَ اَوْ اَشْرَكَ

تو در حقیقت اس نے کفر کیا (یا فرمایا) اس نے شرک کیا۔''

(یعنی مسلمان کو صرف اللہ ہی کی قسم کھانی چاہیے۔)

(جامع ترمذی ، کتاب النذور والأیمان ، باب 8 ، حدیث 1535، صحیح)

78:- Narrated Abdullah bin Umar رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہُمَا, The Prophet ﷺ said:
Whoever took an oath by anyone other than Allah, he either disbelieved or made partners with Allah. (It means that a muslim should take an oath only by Allah).

غلط قسم پر عمل کے بجائے کفارہ ادا کرنا چاہیے

The wrong oath should be expiated instead of being followed.

(79) عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ:

مَنْ حَلَفَ عَلٰی یَمِیْنٍ

"جس نے (غلط کام کی) قسم کھالی

فَرَاٰی غَیْرَھَا خَیْرًا مِنْھَا

اور بعد میں محسوس کیا کہ دوسرا راستہ بہتر ہے

فَلْیَاْتِ الَّذِیْ ھُوَ خَیْرٌ

تو اُسے دوسرا بہتر راستہ ہی اختیار کرنا چاہیے (غلط کام نہیں کرنا چاہیے)

وَلْیُکَفِّرْ عَنْ یَمِیْنِہٖ

اور اپنی (غلط) قسم کا کفارہ ادا کرنا چاہیے۔

(دس لوگوں کا کھانا، یا کپڑا، یا تین روزے یا ایک غلام کی آزادی)

(صحیح مسلم ، کتاب الأیمان ، حدیث 1650)

79:- Narrated Abu Hurairah رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہُمَا, The Prophet ﷺ said:
Whoever took an oath for something (wrong), then he realized that something else was better than this ; he should follow the better course and atone for his oath.
(The atonement for the oath is feeding ten poor persons or clothing them or fasting for three days or freeing a slave.)

رسالتِ محمدی صلی اللہ علیہ وسلم

Prophet hood of Muhammad (PBUH)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا علم اور تقویٰ

The knowledge and piety of the Messenger of Allah (PBUH).

(80) عَنْ عَائِشَةَ رضی اللہ عنہا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:

مَا بَالُ اَقْوَامٍ يَتَنَزَّهُوْنَ عَنِ الشَّيْءِ اَصْنَعُهٗ

"آخر کیا وجہ ہے کہ کچھ لوگ ان کاموں سے گریز کرتے ہیں، جو میں نے خود کیے ہیں۔

فَوَاللّٰهِ اِنِّيْ اَعْلَمُهُمْ بِاللّٰهِ وَاَشَدُّهُمْ لَهٗ خَشْيَةً

اللہ کی قسم! میں لوگوں کی نسبت اللہ کی منشا اور مرضی سے زیادہ واقف ہوں اور دیگر لوگوں کی بہ نسبت اللہ سے زیادہ ڈرنے والا ہوں۔"

(یعنی تم لوگ نہ تو مجھ سے زیادہ اللہ تعالیٰ کے احکامات سے واقف ہو سکتے ہو، نہ ہی مجھ سے زیادہ متقی بن سکتے ہو۔ لہذا میری سنتوں پر بے خوف عمل کرو۔)

(صحیح بخاری ' کتاب الاعتصام بالکتاب ، باب 5 ، حدیث 7301)

80:- Narrated Aishah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا, The Prophet صلی اللہ علیہ وسلم said: Why is it that some people refrain from doing the things which I did? By Allah! I know more about (the will of) Allah than all of them and I am afraid of Allah more than any of them.
(In other words, you are neither more aware of Allah's Commands than I, nor can you be more pious than I, so follow my sunnahs without hesitation.)

رسول اللہ ﷺ سے محبت

Love of Prophet Muhammad (PBUH).

(81) عَنْ اَنَسٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

لَا يُؤْمِنُ اَحَدُكُمْ حَتّٰى اَكُوْنَ اَحَبَّ اِلَيْهِ

''تم میں سے کوئی مومن نہیں ہوسکتا، جب تک میں اس کو

مِنْ وَّالِدِهٖ وَ وَلَدِهٖ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ

اس کے ماں باپ، اس کی اولاد اور تمام انسانوں سے بڑھ کر محبوب نہ ہو جاؤں۔''

(صحیح بخاری، کتاب الایمان ، باب 8 ، حدیث 15)

81:- Narrated Anas رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا, The Prophet ﷺ said: None of you can be a believer until I become more beloved to him than his parents, his children and all the people.

✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲

رسول اللہ ﷺ کے بارے میں بھی غلو حرام ہے

Exaggeration about the Messenger of Allah (PBUH) is forbidden.

(82) عَنْ عُمَرَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

لَا تُطْرُوْنِىْ كَمَا اَطْرَتِ النَّصَارٰى ابْنَ مَرْيَمَ

''مجھے حد سے نہ بڑھاؤ! جیسا کہ عیسائیوں نے عیسیٰؑ ابن مریم کو حد سے بڑھا دیا

فَقُوْلُوْا عَبْدُ اللّٰهِ وَ رَسُوْلُهٗ

میں تو بس اللہ کا بندہ ہوں،

فَاِنَّمَا اَنَا عَبْدُهٗ

لہذا! مجھے اللہ کا بندہ اور اس کا رسول کہا کرو!۔

(صحیح بخاری ، کتاب احادیث الأنبیاء ، باب 48 ، حدیث 3445)

82:- Narrated Umar رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا, The Prophet ﷺ said: Do not exaggerate in my praise as the Christians did about the son of Mary. I am only His slave! So call me Allah's slave and His Messenger!

✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲

رسول اللہ ﷺ کے نافرمان

People who are disobedient to the Messenger of Allah (PBUH).

(83) عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رض قَالَ :

اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ خَرَجَ عَامَ الْفَتْحِ اِلٰى مَكَّةَ فِيْ رَمَضَانَ فَصَامَ حَتّٰى بَلَغَ كُرَاعَ الْغَمِيْمِ

"رسول اللہ ﷺ رمضان کے مہینے میں فتح مکہ کے لیے (مدینہ سے) مکے کی طرف روانہ ہوئے اور آپ ﷺ نے روزہ بھی رکھا۔ یہاں تک کہ کراع غمیم کے مقام پر پہنچے۔

فَصَامَ النَّاسُ ثُمَّ دَعَا بِقَدَحٍ مِنْ مَّآءٍ فَرَفَعَهٗ

لوگوں نے بھی روزہ رکھا۔ آپ ﷺ نے (روزہ توڑنے کے لیے) پانی کا پیالہ منگوا کر اونچا کیا۔

حَتّٰى نَظَرَ النَّاسُ اِلَيْهِ ثُمَّ شَرِبَ

یہاں تک کے لوگوں نے اس (پیالے) کو دیکھ لیا۔ پھر آپ ﷺ نے پانی پی لیا۔ کچھ دیر بعد،

فَقِيلَ لَهُ بَعْدَ ذٰلِكَ اِنَّ بَعْضَ النَّاسِ قَدْ صَامَ

آپ ﷺ کو بتایا گیا کہ کچھ لوگوں نے ابھی تک روزہ رکھا ہوا ہے۔

فَقَالَ اُولٰئِكَ الْعُصَاةُ اُولٰئِكَ الْعُصَاةُ

اس پر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ لوگ نافرمان ہیں، یہ لوگ نافرمان ہیں۔"

(صحیح مسلم 'کتاب الصیام ، باب 15 ، حدیث 1114)

83:-Narrated Jabir bin Abdullah رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا:

The Messenger of Allah went to Makkah in the year of conquest of Makkah during the month of Ramadhan and he fasted and the people fasted too. When he reached Kura-Al-Ghameem, he asked for his bowl of water to be brought to him, and then he raised it till the people saw it. Then he drank from it. After sometime, he was told that some people were still fasting . Then the Prophet (PBUH) said: "Those people are disobedient; those people are disobedient."

****

(84) عَنْ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِيكَرِبَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ:

يُوشِكُ الرَّجُلُ مُتَّكِئًا عَلٰى اَرِيكَتِهٖ

"قریب ہے کہ ایک آدمی اپنی مسند پر تکیہ لگائے بیٹھا ہو

يُحَدَّثُ بِحَدِيثٍ مِنْ حَدِيثِي فَيَقُولُ

اس کے سامنے میری حدیث میں سے کوئی حدیث بیان کی جائے تو وہ کہے:

بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ كِتَابُ اللهِ عَزَّوَجَلَّ

ہمارے اور تمہارے درمیان قرآن ہی کافی ہے۔

فَمَا وَجَدْنَا فِيْهِ مِنْ حَلَالٍ اِسْتَحْلَلْنَاهُ

جو چیز ہم نے قرآن میں حلال پائی، ہم اسے حلال قرار دیں گے،

وَمَا وَجَدْنَا فِيْهِ مِنْ حَرَامٍ حَرَّمْنَاهُ

اور جو چیز ہم نے حرام پائی، اسے ہم بھی حرام قرار دیں گے۔

اَلَا وَاِنَّ مَا حَرَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مِثْلُ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ

سن لو! اللہ کے رسول ﷺ نے بھی (وحی کی روشنی میں، قرآن کی طرح اپنی سنت سے)
اسی طرح کچھ چیزوں کو حرام قرار دیا ہے، جس طرح اللہ تعالیٰ نے حرام قرار دیا ہے۔''

(سنن ابن ماجہ 'المقدمة ، باب 2 ، حديث12)

84:- Narrated Miqdaam bin Maadi Karb رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا, The Prophet ﷺ said:

The time is drawing near when a man will be sitting leaning on his couch and one of my traditions will be narrated to him; then he will say: "The Quran is enough between us and you. We will consider lawful what we found lawful in Quran and we will consider unlawful what we found unlawful in Quran!" Beware! The Messenger of Allah (PBUH) has also forbidden some things as Allah has forbidden.

✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲

فَمَا وَجَدْنَا فِيْهِ مِنْ حَلَالٍ اِسْتَحْلَلْنَاهُ

جو چیز ہم نے قرآن میں حلال پائی، ہم اسے حلال قرار دیں گے،

وَمَا وَجَدْنَا فِيْهِ مِنْ حَرَامٍ حَرَّمْنَاهُ

اور جو چیز ہم نے حرام پائی، اسے ہم بھی حرام قرار دیں گے۔

اَلَا وَاِنَّ مَاحَرَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مِثْلُ مَاحَرَّمَ اللّٰهُ

سن لو! اللہ کے رسول ﷺ نے بھی (وحی کی روشنی میں، قرآن کی طرح اپنی سنت سے) اسی طرح کچھ چیزوں کو حرام قرار دیا ہے، جس طرح اللہ تعالیٰ نے حرام قرار دیا ہے۔"

(سنن ابن ماجه 'المقدمة ، باب 2 ، حديث12)

84:- Narrated Miqdaam bin Maadi Karb رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا,The Prophet ﷺ said:

The time is drawing near when a man will be sitting leaning on his couch and one of my traditions will be narrated to him; then he will say: "The Quran is enough between us and you. We will consider lawful what we found lawful in Quran and we will consider unlawful what we found unlawful in Quran!" Beware! The Messenger of Allah (PBUH) has also forbidden some things as Allah has forbidden.

رسول محمدی ﷺ کی فضیلت

Superiority of Muhammad (PBUH) Prophe thood.

(85) عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

اَنَا اَكْثَرُ الْاَنْبِيَآءِ تَبَعًا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

''روزِ قیامت، پیروکاروں کی کثرت کے اعتبار سے، میں تمام انبیاء میں افضل رہوں گا

وَاَنَا اَوَّلُ مَنْ يَّقْرَعُ بَابَ الْجَنَّةِ

اور میں ہی سب سے پہلے، جنت کا دروازہ کھٹکھٹاؤں گا۔''

(صحیح مسلم ، کتاب الایمان ، باب 85 ، حدیث 196)

85:- Narrated Anas bin Malik رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا, The Prophet ﷺ said: I will be distinguished on the day of judgement for having more followers than any other Prophet and I will be the first person who knocks at the gate of paradise.

رسول اللہ ﷺ کا علم

The knowledge of Allah's Messenger (PBUH) .

(نبی اکرم ﷺ نے حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کی وفات کے موقع پر ارشاد فرمایا):

(86) عَنْ اُمِّ الْعَلَاءِ رضی اللہ عنہا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

اَمَّا هُوَ فَقَدْ جَآءَهُ الْيَقِيْنُ

اس (عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ) کو تو یقینی چیز (موت) نے آ لیا،

اِنِّىْ لَاَرْجُوْ لَهُ الْخَيْرَ مِنَ اللّٰهِ

میں اللہ کی بارگاہ سے اس کے لیے بھلائی ہی کا امیدوار ہوں،

وَاللّٰهِ مَا اَدْرِىْ وَاَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ

لیکن "اللہ کی قسم میں نہیں جانتا، حالانکہ میں اللہ کا رسول ہوں کہ

مَا يُفْعَلُ بِىْ وَلَا بِكُمْ

(روزِ قیامت) میرے ساتھ کیا ہوگا؟ اور تمہارے ساتھ کیا ہوگا؟"

(صحیح بخاری، کتاب التعبیر، باب 27، حدیث 7018)

86:- Narrated Ummul Alaa رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْهَا, The Prophet ﷺ said: The (death which is a) certainty has come to him (Uthman bin Maz'oon (R.A.)) I expect good for him from Allah. By Allah! I do not know what will be done to me and to you (on the day of Judgement), although I am the Messenger of Allah.

اللہ ہی غیب کا مکمل علم رکھتا ہے

Only Allah has the complete knowledge of the Unseen.

(87) عَنْ عَائِشَةَ رضؓ :

قَالَتْ عَائِشَةُ

''حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں:

مَنْ حَدَّثَكَ

جو شخص آپ سے کہے کہ

اَنَّهٗ يَعْلَمُ مَافِيْ غَدٍ فَقَدْ كَذَبَ

رسول اللہ ﷺ مستقبل کے بارے میں جانتے تھے، اس نے جھوٹ بولا''

(رسول اللہ ﷺ صرف وہی چیزیں بتایا کرتے، جو اللہ تعالیٰ آپ ﷺ پر وحی کرتا)

(صحیح بخاری، کتاب التفسیر سورۃ و النجم، باب 1، حدیث 4855)

87:- Narrated Aishah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا:
"Whosoever says to you that he (the Prophet (PBUH)) knew about the future, tells a lie."
(The Prophet (PBUH) used to tell only the things which were revealed to him.)

موت کا احساس

Perception of Death

(88) عَنْ اُبَیِّ بْنِ کَعْبٍ رضی اللہ عنہ قَالَ :

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم اِذَا ذَهَبَ ثُلُثَا اللَّيْلِ قَامَ فَقَالَ

”رسول صلی اللہ علیہ وسلم جب دو تہائی رات گزر جاتی، تہجد کے لیے کھڑے ہو جاتے اور کہتے:

يَآ اَيُّهَا النَّاسُ اذْكُرُوا اللّٰهَ! اُذْكُرُوا اللّٰهَ

اے لوگو! اللہ کو یاد کرو! اللہ کو یاد کرو!

جَآءَتِ الرَّاجِفَةُ تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ

قیامت کی ہلا دینے والی آفت آ چکی ہے! اس کے پیچھے دوسرا زلزلہ ہوگا!

جَآءَ الْمَوْتُ بِمَا فِيْهِ جَآءَ الْمَوْتُ بِمَا فِيْهِ

موت اپنی ہولنا کی کے ساتھ آ چکی ہے! موت اپنی ہولنا کی کے ساتھ آ چکی ہے!“

(جامع ترمذی ، کتاب صفة القیامة ، باب 23، حدیث 2457)

88:-Narrated Ubayyu Ibn Ka'ab al-Ansari رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا:
When two thirds of the night passed the Prophet (PBUH) used to stand for the Tahajjud (late night) prayer and said: "O people! Remember Allah! Remember Allah! The agitating disaster has come followed by another disaster coming after it. The death (with all its dreadfulness) has come! The death (with all its dreadfulness) has come!

(89) عَنْ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ:

اَلْكَيِّسُ مَنْ دَانَ نَفْسَهٗ

''عقل مند وہ شخص ہے، جس نے اپنے نفس پر توجہ کی

وَعَمِلَ لِمَا بَعْدَ الْمَوْتِ

اور مرنے کے بعد کی زندگی کے لیے اعمال کیے۔''

(سنن ترمذی ، للامام الالبانی رقم 436، کتاب صفة القيامة ، باب 25 ، حديث 2459، ضعيف)

89:- Narrated Shaddaad bin Aose رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا, The Prophet ﷺ said:
The one who paid attention to his soul and worked for life after death is (really) the wise person.

✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲

(90) عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ:

كَفٰى بِالْمَوْتِ وَاعِظًا

''موت بہترین ناصح ہے۔'' (وعظ ونصیحت کے لیے موت کافی ہے)

(البيهقی ، شعب الايمان ، حديث 10160)

90:- Narrated Ammar bin Yaasir رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا, The Prophet ﷺ said:
Death is enough for advice. (Death is the best adviser)

✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲

موت کو کثرت سے یاد کرنا چاہیے

Death should be remembered frequently.

(91) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

اَكْثِرُوْا ذِكْرَ هَاذِمِ اللَّذَّاتِ (يَعْنِي الْمَوْتَ)

''لذتوں کو مٹانے والی چیز (یعنی موت) کو کثرت سے یاد کرو!''

(ابن ماجه ، کتاب الزهد ، باب 31 ، حدیث 4258)

91:- Narrated Abu Hurairah رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْهَا,The Prophet ﷺ said: Remember frequently the demolisher of delights (i.e. death).

✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲

پختہ قبریں بنانا جائز نہیں

Plastering the graves is not permissible.

(92) عَنْ جَابِرٍؓ قَالَ:

نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَنْ يُّجَصَّصَ الْقَبْرُ

''رسول اللہ ﷺ نے قبروں کو پختہ بنانے سے منع فرمایا،

وَاَنْ يُّقْعَدَ عَلَيْهِ اور قبروں پر بیٹھنے سے روکا

وَاَنْ يُّبْنٰى عَلَيْهِ

اور قبروں پر تعمیرات (گنبد، مینار، چھت وغیرہ) سے منع فرمایا۔''

(صحیح مسلم ، کتاب الجنائز ، باب 32 ، حدیث 970)

92:- Narrated Jabir رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْهَا:
The Prophet (PBUH) has forbidden to plaster the grave, sit on it or to build a structure (dome, minaret, roof etc) on it.

قیامت

The day of Judgement

امام بخاریؒ نے ترجمۃ الباب میں فرمایا:

Imam Bukhari has said in his chapter heading:

(93) قَالَ الْبُخَارِیُّ یَرْحَمُهُ اللّٰهُ

اِنَّ اَعْمَالَ بَنِیْ اٰدَمَ وَقَوْلَهُمْ یُوْزَنُ

''بلاشبہ (روزِ قیامت) تمام انسانوں کے نہ صرف اعمال، بلکہ اقوال بھی تولے جائیں گے۔'' (صحیح بخاری ، کتاب التوحید، باب 58)

93:- Imam Bukhari has said in his Chapter heading:
"Indeed, the deeds and sayings of all the human beings will be weighed (on the Day of Judgement)."

روز قیامت کے چار سوال

Four questions of the Day of Judgement.

(94) عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ:

مَا تَزُوْلُ قَدَمَا عَبْدٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَتّٰى يُسْئَالَ عَنْ اَرْبَعٍ

"قیامت کے دن بندے کے دونوں پاؤں چار سوالوں سے پہلے حرکت نہیں کر سکیں گے۔

عَنْ عُمُرِهٖ فِيْمَ اَفْنَاهُ؟

پہلا سوال عمر کے بارے میں ہوگا کہ کہاں گنوائی؟

وَعَنْ شَبَابِهٖ فِيْمَ اَبْلَاهُ؟

دوسرا سوال جوانی کے بارے میں ہوگا کہ کہاں گنوائی؟

وَعَنْ مَالِهٖ مِنْ اَيْنَ اكْتَسَبَهٗ وَفِيْمَ اَنْفَقَهٗ؟

تیسرا سوال مال کے بارے میں ہوگا کہ کیسے کمایا اور کہاں خرچ کیا؟

وَعَنْ عِلْمِهٖ مَاذَا عَمِلَ فِيْهِ؟

چوتھا سوال علم کے بارے میں ہوگا کہ اس کے مطابق کتنا عمل کیا؟"

(البیهقی : شعب الایمان ، جلد 3 ، حدیث 1875، صحیح)

94:- Narrated Mu'aaz Bin Jabal رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْھَا, The Prophet ﷺ said: Man will not be able to move his feet (from his place) on the Day of Judgement until he answers four questions: (1) He will be asked about his age: "Where did he spend it?" (2) He will be asked about his youth:"How did he spend it?" (3) He will be asked about his wealth:"How did he earn it and where did he spend it?"(4) And about his kowledge, "How much he followed it?"

آخرت کے مقابلے میں دنیا کی حقیقت

The reality of worldly life in comparison with the life Hereafter.

(95) عَنْ مُسْتَوْرِدٍ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم:

وَاللهِ! مَا الدُّنْيَا فِي الْآخِرَةِ إِلَّا مِثْلُ مَا يَجْعَلُ أَحَدُكُمْ إِصْبَعَهُ هٰذِهِ (يَعْنِي السَّبَّابَةَ)

''اللہ کی قسم! دنیا کی مثال، آخرت کے مقابلے میں بس ایسی ہے کہ تم میں سے کوئی اپنی یہ انگلی (انگشتِ شہادت)

فِي الْيَمِّ فَلْيَنْظُرْ بِمَ تَرْجِعُ

دریا میں ڈال کر نکال لے اور پھر دیکھے کہ پانی کی کتنی مقدار انگلی سے لگتی ہے؟''

(صحیح مسلم 'کتاب الجنة و صفة نعیمها و أهلها ، باب14 ، حدیث 2858)

95:- Narrated Mustawrid رَضِيَ اللهُ تَعَالَىٰ عَنْهَا، The Prophet صلی اللہ علیہ وسلم said: By Allah! The example of this world as compared to the next world is as if any of you dips his index finger in the sea and them sees how much water has come with it.

****

(96) عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم:

لَوْ كَانَتِ الدُّنْيَا تَعْدِلُ عِنْدَ اللهِ جَنَاحَ بَعُوْضَةٍ

''اگر اللہ کے نزدیک، دنیا کی قدر و قیمت مچھر کے پر کے برابر بھی ہوتی

مَا سَقٰى كَافِرًا مِنْهَا شَرْبَةَ مَاءٍ

تو وہ کسی کافر کو ایک گھونٹ پانی بھی نہ دیتا۔''

(جامع ترمذی 'کتاب الزهد ، باب 13 ، حدیث 2320)

96:- Narrated Sahl bin Sad رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا, The Prophet ﷺ said: If this world had as much value near Allah as the wing of a mosquito, He would not give even a sip of water to a non-believer.

(97) عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللہِ ﷺ:

اَلدُّنْیَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ وَ جَنَّۃُ الْکَافِرِ

''دنیا مومن کا قید خانہ اور کافر کی جنت ہے۔''

(صحیح مسلم 'کتاب الزھد و الرقائق ، باب 1 ، حدیث 2956)

97:- Narrated Abu Hurairah رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا, The Prophet ﷺ said: This world is a prison for the believer and is paradise for the non-believer.

دنیا میں پردیسی بن کر رہنا چاہیے

One should live like a stranger in this world.

(98) عَنْ عَبْدِ اللہِ بْنِ عُمَرؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللہِ ﷺ:

کُنْ فِی الدُّنْیَا کَاَنَّکَ غَرِیْبٌ

دنیا میں ایسے رہا کرو! جیسے تم پردیسی ہو،

اَوْ عَابِرُ سَبِیْلٍ

یا پھر سڑک پار کرنے والے! (صحیح بخاری کتاب الرقاق ، باب 3 ، حدیث 6416)

98:- Narrated Abdullah bin Umar رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا, The Prophet ﷺ said:
Live in the world as if you are a stranger or the one who is crossing the road.

محمد رسول اللہ ﷺ آخری نبی ہیں

Muhammad (PBUH)is the last prophet.

(99) عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رض قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ:

بُعِثْتُ اَنَا وَالسَّاعَةُ كَهَاتَيْنِ

''میری بعثت کو اور قیامت کو ان دو انگلیوں کی طرح ملا کر رکھا گیا ہے۔'' انگشتِ شہادت اور درمیانی انگلی کی طرح) یعنی اب میرے بعد قیامت تک کوئی اور رسول نہیں آئے گا۔

(صحیح بخاری 'کتاب الرقاق ، باب 39 ، حدیث 6503)

99:- Narrated Sahl bin Sad رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْهَا ,The Prophet ﷺ said: I and the Doomsday have been sent like these two (fingers) (the Prophet (PBUH) raised his index and middle fingers to show to the people that no other prophet will come after him till the Doomsday.)

عذابِ قبر
Punishment in the grave.

(100) عَنْ اَبِیْ اَیُّوْبَ رضی اللہ عنہ قَالَ :

خَرَجَ النَّبِیُّ ﷺ وَقَدْ وَجَبَتِ الشَّمْسُ فَسَمِعَ صَوْتًا

ایک مرتبہ نبی ﷺ غروبِ آفتاب کے بعد باہر نکلے، آپ ﷺ نے ایک آواز سنی

فَقَالَ : یَهُوْدُ تُعَذَّبُ فِیْ قُبُوْرِهَا

تو فرمایا: ''یہودیوں کو ان کی قبروں میں عذاب دیا جارہا ہے۔''

(صحیح بخاری 'کتاب الجنائز ، باب 87 ، حدیث 1375)

100:-Narrated Abu Ayyoob رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْهَا :
Once the Prophet (PBUH) came out after sun-set and heard a sound, then he said: "The jews are punished in their graves."

عذابِ قبر کی بددعا
Cursing for the punishment of the grave.

(غزوہ احزاب کے موقع پر آپ ﷺ نے مشرکین کو بددعا دیتے ہوئے فرمایا):

(Cursing the idolaters on the occasion of battle of Ahzaab, the Prophet (PBUH) said):

(101) عَنْ عَلِیٍّ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :

مَلَاَ اللّٰهُ بُیُوْتَهُمْ وَقُبُوْرَهُمْ نَارًا

''اللہ تعالیٰ ان کے گھروں اور قبروں کو آگ سے بھر دے!

شَغَلُوْنَا عَنِ الصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى حَتّٰى غَابَتِ الشَّمْسُ

انہوں نے نمازِ عصر سے غروبِ آفتاب تک، ہمیں (جنگ میں) مشغول رکھا۔''

(صحیح بخاری 'کتاب الجهاد ،باب 98 ، حدیث 2931)

101:-Narrated Ali رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہَا, The Prophet ﷺ said:
May Allah fill their homes and their graves with fire! They engaged us (in war) from the middle (Asr) Prayer till sun-set.

❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋

(102) عَنْ اَبِیْ مَرْثَدٍ الْغَنَوِیِّ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ:

لَا تُصَلُّوْا اِلَی الْقُبُوْرِ

''نہ تو قبروں کی طرف رخ کر کے نماز پڑھو!

وَلَا تَجْلِسُوْا عَلَیْہَا

اور نہ قبروں پر بیٹھو!''

(صحیح مسلم 'کتاب الجنائز ، باب 33 ، حدیث 972)

102:- Narrated Abu Marthad Al- Ghanawi رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہَا , The Prophet ﷺ said:
Neither pray (facing) towards nor sit on the graves.

❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋

قبروں کی زیارت

Visiting the graves.

(103) عَنْ بُرَیْدَۃَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ:

نَهَیْتُکُمْ عَنْ زِیَارَۃِ الْقُبُوْرِ

''میں نے پہلے تمہیں (مردوں کو بھی) قبروں کی زیارت سے منع کر دیا تھا

فَزُوْرُوْهَا فَاِنَّ فِیْ زِیَارَتِهَا تَذْکِرَۃً

لیکن اب جا سکتے ہو (اجازت ہے)، اس لیے کہ قبروں کی زیارت میں (موت کی) یاد دہانی ہے۔'' (سنن ابی داؤد 'کتاب الجنائز ، باب 81 ، حدیث 3235، صحیح)

103:- Narrated Buraidah رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا, The Prophet ﷺ said:
I had forbidden you to visit the graves but now you are allowed to visit them because visiting the graves reminds you (of your death).

****

تدفین کے بعد مغفرت اور ثابت قدمی کی دعا مانگنی چاہیے

Prayer should be make for steadfastness and forgiveness of the deceased after burial.

(104) عَنْ عُثْمَانَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللہِ ﷺ:

اِسْتَغْفِرُوْا لِاَخِیْکُمْ

''اپنے بھائی کی مغفرت کے لیے دعا کرو!

وَسَلُوْا لَہٗ بِالتَّثْبِیْتِ

اور اُس کی (قبر کے سوال و جواب میں) ثابت قدمی کی دعا مانگو!

فَاِنَّہُ الْاٰنَ یُسْأَلُ

کیوں کہ اِس وقت وہ سوال و جواب کے مرحلے سے گزر رہا ہے۔''

(سنن ابی داؤد ، کتاب الجنائز ، باب 73 ، حدیث 3221 ، عن عثمان رضی اللہ عنہ)

104:- Narrated Uthman رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا, The Prophet ﷺ said:
Seek forgiveness for your brother and pray for him to be steadfast (during the questioning in the grave) because he is being questioned now (after burial).

قبر کے تین سوال

Three questions in the grave.

(105) عَنْ بَرَاءَ بْنِ عَازِبٍ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :

مَنْ رَّبُّكَ ؟

تمہارا رب کون ہے؟

مَا دِيْنُكَ ؟

"تمہارا دین کیا ہے؟

مَا هٰذَا الرَّجُلُ الَّذِىْ بُعِثَ فِيْكُمْ ؟

اُس شخص کے بارے میں تمہارا کیا خیال ہے،
جسے تمہاری امت میں رسول بنا کر مبعوث کیا گیا ہے؟

(سنن ابی داؤد ، کتاب السنہ ، باب 270 ، حدیث 4753، صحیح)

105:- Narrated Baraa bin Aazib رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْهُمَا, The Prophet ﷺ said: Who is your Lord? What is your religion? What is your opinion about the man who was sent to you (as a Prophet)? (These are the three questions to be asked in the grave.)

****

یہ شخص جنت میں داخل نہیں ہو سکتا

The person who cannot enter paradise.

(106) عَنْ حُذَيْفَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :

لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ نَمَّامٌ

"چغل خور، جنت میں داخل نہیں ہوگا۔"

(صحیح مسلم ، کتاب الایمان ، باب 45 ، حدیث 105)

106:- Narrated Hudhaifa رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْھَا, The Prophet ﷺ said:
The slanderer will not enter paradise.

❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋

(107) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ

''وہ شخص جنت میں داخل نہیں ہوگا،

مَنْ كَانَ فِیْ قَلْبِهٖ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ مِّنْ كِبْرٍ

جس کے دل میں ذرہ برابر بھی تکبر موجود ہو۔''

(صحیح مسلم ، کتاب الایمان ، باب 39 ، حدیث 91)

107:- Narrated Abdullah bin Mas'ud رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْھَا, The Prophet ﷺ said:
The person who has an atom's weight of pride in his heart will not enter paradise.

❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋

(108) عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعٌ

''قطع رحمی کرنے والا، جنت میں داخل نہیں ہوگا۔''
(یعنی رشتے داروں سے قطع تعلقی اختیار کرنے والا)

(صحیح بخاری 'کتاب الأدب ، باب 11 ، حدیث 5984)

108:- Narrated Jubair bin Mut'im رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْھَا, The Prophet ﷺ said:
The one who severs relations will not enter paradise (The person who breaks relationship with his relatives will not enter paradise.)

وہ بدنصیب جو جنت سے محروم رہینگے

The wretched people who will be deprived of Paradise

(109) عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ:

لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنَّانٌ

''احسان جتلانے والا جنت میں داخل نہیں ہوگا،

وَلَا عَاقٌّ

بدسلوکی کرنے والا بھی داخلِ جنت نہیں ہوگا

وَلَا مُدْمِنُ خَمْرٍ

اور ہمیشہ شراب پینے والا بھی جنت میں داخل نہیں ہوگا۔''

(سنن النسائیٔ کتاب الأشربة ، باب 46 ، حدیث 5688)

109:-Narrated Abdullah bin Amr رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا,The Prophet ﷺ said: The person who reminds (others) of his favors, who is disrespectful to others and who is addicted to drinking will not enter paradise.

✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲

بداخلاقی کا نتیجہ The result of immorality.

(110) عَنْ اَبِیْ بَكْرِ الصِّدِّيْقِ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ:

لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ سَيِّئُ الْمَلَكَةِ

''اخلاقِ رذیلہ'' میں ڈوبا ہوا شخص جنت میں داخل نہیں ہوگا۔''

(سنن ابن ماجه ، للامام الالبانی ، باب 10 ، حدیث 806 ، ضعیف)

110:-Narrated Abu Bakr Siddique رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا,The Prophet ﷺ said: The person who is immersed in immorality will not enter paradise.

جنت کے راستے

The ways that lead to paradise.

(111) عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:

اَنَا وَ كَافِلُ الْيَتِيْمِ فِى الْجَنَّةِ هٰكَذَا وَ قَالَ بِاِصْبَعَيْهِ السَّبَّابَةِ وَالْوُسْطٰى

''میں اور یتیم کی کفالت کرنے والا، جنت میں اس طرح ہوں گے (جس طرح یہ دو انگلیاں ہیں)، پھر رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی انگشتِ شہادت اور درمیانی انگلی کو ملا کر دکھایا۔''

(صحیح بخاری 'کتاب الأدب، باب 24، حدیث 6005)

111 :- Narrated Sahl bin Sad رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْھَا, The Prophet ﷺ said: I and the person who looks after the orphan will be in paradise like this and the Prophet (PBUH) joined his index and middle fingers and showed them (to the people to show how close will be the guardian of an orphan to the Prophet (PBUH) in paradise).

****

(112) عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:

مَنْ عَالَ جَارِيَتَيْنِ حَتّٰى تَبْلُغَا جَآءَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

''جو اپنی دو بیٹیوں کی جوانی تک پرورش کرے تو وہ روزِ قیامت اس حال میں آئے گا کہ

اَنَا وَهُوَ وَضَمَّ اَصَابِعَهٗ

میں اور وہ اس طرح ساتھ ہوں گے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی دو انگلیوں سے اشارہ فرمایا۔''

(مسلم 'کتاب البر والصلة و الأدب، باب 46، حدیث 2631)

112:- Narrated Anas bin Malik رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا, The Prophet ﷺ said:
The person who brought up two daughters till they attained puberty (on right aqeeda/path) will come on the day of Judgement with me like this and then he (PBUH) joined his two fingers (to show their closeness).

❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋

(113) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ ؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

اَکْثَرُ مَا یُدْخِلُ النَّاسَ الْجَنَّةَ تَقْوَی اللّٰهِ وَحُسْنُ

''جو کام لوگوں کو سب سے زیادہ جنت میں داخل کریں گے، وہ اللہ کا تقویٰ اور اچھا اخلاق ہے

الْخُلُقِ وَاَکْثَرُ مَا یُدْخِلُ النَّارَ الْفَمُ وَالْفَرْجُ

اور جو کام لوگوں کو سب سے زیادہ جہنم میں داخل کریں گے،
وہ منہ (زبان) اور شرم گاہ (کا غلط استعمال) ہے۔''

(جامع ترمذی 'کتاب البر والصلة ، باب 62 ، حدیث 2004)

113:- Narrated Abu Hurairah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا, The Prophet ﷺ said:
The things that will enter most of the people in paradise are piety and good manners and the things that will enter most of the people in hell are the mouth (tongue) and the private parts. (The wrong use of tongue and the private parts will lead many people to Hell.)

❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋

Three good habits تین اچھی عادتیں

(114) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ ؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ! اَفْشُوا السَّلَامَ وَاَطْعِمُوا الطَّعَامَ

''اے لوگو! سلام کو پھیلاؤ! (لوگوں کو) کھانا کھلاؤ!

وَصَلُّوْا بِاللَّيْلِ وَالنَّاسُ نِيَامٌ !

اور رات کو جب لوگ سو رہے ہوں تو اس وقت (اٹھ کر تہجد کی) نماز پڑھو!

تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ بِسَلَامٍ !

تم جنت میں سلامتی کے ساتھ داخل ہو جاؤ گے۔"

(سنن ابن ماجه 'اقامة الصلاة و السنة ، باب 174 ، حديث 1334)

114:- Narrated Abdullah bin Salaam رَضِىَ اللهُ تَعَالىٰ عَنْهُمَا, The Prophet ﷺ said:

O people! Spread the greetings, feed the (poor) people, and pray during the night when people are asleep; you will enter paradise with peace!

✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲

ہر نماز کے بعد آیت الکرسی پڑھی جائے

'Aayatul-kursi' should be recited after every prayer.

(115) عَنْ اَبِىْ اُمَامَةَ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ:

مَنْ قَرَءَ اٰيَةَ الْكُرْسِيِّ دُبُرَ كُلِّ صَلَاةٍ

"جو شخص ہر (فرض) نماز کے بعد آیت الکرسی پڑھتا ہے

لَمْ يَمْنَعْهُ مِنْ دُخُوْلِ الْجَنَّةِ اِلَّا اَنْ يَّمُوْتَ

اُس کو جنت میں داخل ہونے کے لیے موت کے علاوہ کوئی روک نہیں سکتا۔"

(یعنی اُسے موت تک تو انتظار کرنا ہی پڑے گا۔ موت کے فوراً بعد، وہ جنت کی نعمتوں سے لطف اندوز ہوگا۔) (نسائی ، السنن الکبریٰ ، حدیث 9928، صحیح)

115:- Narrated Abu Umamah رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْھَا, The Prophet ﷺ said:
Whoever recited 'Aayatul-kursi' (Verse of throne of Allah, Sura Al Baqarah ayah 255) after every prayer, nothing can stop him from entering paradise except his death. (In other words he will have to wait only till his death and he will start benefiting from the bounties of Paradise straightaway after his death.)

مستحقینِ لعنت

(لعنت سے مراد، اللہ کی رحمت سے دوری ہے)

Those who deserve to be cursed.
(Curse means being away from Allah's Mercy.)

(116) عَنْ عَائِشَةَ رض قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ:

لَعَنَ اللهُ الْيَهُودَ وَالنَّصَارٰى

"اللہ یہود و نصاریٰ پر لعنت کرے!

اِتَّخَذُوا قُبُورَ اَنْبِيَآئِهِمْ مَسْجِدًا

انہوں نے اپنے انبیاء کی قبروں کو سجدہ گاہ بنا لیا۔"

(صحیح بخاری ، کتاب الجنائز ، باب 61 ، حدیث 1330)

116:- Narrated Aishah رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْھَا, The Prophet ﷺ said:
Allah has cursed the Jews and the Christians because they have turned the graves of their Prophets into places of worship.

(117) عَنْ اَبِیْ جُحَیْفَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ :

لَعَنَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم اَلْوَاشِمَةَ وَالْمُسْتَوْشِمَةَ

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے گودنے والی (جسم میں سوئی سے سوراخ کر کے ان میں نیلا رنگ بھرنے) اور گدوانے والی پر لعنت فرمائی ہے۔

وَ اٰکِلَ الرِّبَا وَمُوْکِلَهٗ

سود کھانے والے اور سود کھلانے والے پر بھی لعنت کی ہے۔

وَنَهٰی عَنْ ثَمَنِ الْکَلْبِ وَکَسْبِ الْبَغِیِّ

کتے کو بیچ کر کھانے اور زانیہ کی کمائی سے منع فرمایا ہے

وَلَعَنَ الْمُصَوِّرِیْنَ

اور تصویر بنانے والوں پر بھی لعنت کی ہے۔''

(صحیح بخاری، کتاب الطلاق، باب 51، حدیث 5347)

117:- Narrated Abu Juhaiifah رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْهَا :
The Prophet (PBUH) cursed the women who make tattoos, those who have them made (on their bodies), those who take interest and those who pay it. He (PBUH) forbade to take the price of a dog and accept the earnings of a prostitute. He (PBUH) also cursed those who make pictures (especially of those things in which their is a danger of it being taken as an object of worship).

(118) عَنْ عَبْدِاللهِ بْنِ عَبَّاسٍؓ قَالَ:

لَعَنَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ اَلْمُتَشَبِّهِیْنَ مِنَ الرِّجَالِ بِالنِّسَآءِ

"اللہ کے رسول ﷺ نے عورتوں کی مشابہت اختیار کرنے والے مردوں پر لعنت فرمائی

وَالْمُتَشَبِّهَاتِ مِنَ النِّسَآءِ بِالرِّجَالِ

اور مردوں کی مشابہت اختیار کرنے والی عورتوں پر بھی لعنت فرمائی ہے۔"

(صحیح بخاری' کتاب اللباس، باب 61، حدیث 5885)

118:- Narrated Abdullah bin Abbas رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْهُمَا :
The Messenger of Allah (PBUH) has cursed the men who adopt the resemblance of women and the women who adopt the resemblance of men.

(119) عَنْ جَابِرٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ:

لَعَنَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ اٰكِلَ الرِّبَا وَمُوْكِلَهٗ

"اللہ کے رسول اللہ ﷺ نے سود کھانے والے، کھلانے والے، پر لعنت فرمائی ہے

وَكَاتِبَهٗ وَشَاهِدَيْهِ وَقَالَ هُمْ سَوَاءٌ

اور سود کی دستاویز لکھنے والے اور اس دستاویز کے دونوں گواہوں پر لعنت فرمائی ہے۔ نیز فرمایا "یہ سب برابر ہیں۔" (مسلم' کتاب المساقاۃ، باب 19، حدیث 1598)

119:- Narrated Jabir رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْهُمَا :
The Prophet (PBUH) has cursed those who take interest, those who give it, those who write its contract, those who witness it, and he (PBUH) said they are all equal (in sin). (Only if all of them consider it to be lawful)

(120) عَنْ عَلِیٍّ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ ذَبَحَ لِغَيْرِ اللّٰهِ

''اللہ تعالیٰ نے ''غیر اللہ'' کے لیے ذبح کرنے والے پر لعنت فرمائی ہے

وَلَعَنَ اللّٰهُ مَنْ سَرَقَ مَنَارَ الْأَرْضِ

اور زمین کی (حد بندی کا) نشان چوری کرنے والے پر لعنت کی ہے۔

وَلَعَنَ اللّٰهُ مَنْ لَعَنَ وَالِدَهُ وَلَعَنَ اللّٰهُ مَنْ آوٰى مُحْدِثًا

اور اس شخص پر بھی اللہ کی لعنت ہے، جو والدین کو لعنت و ملامت کرتا ہے
اور جو بدعتی کو پناہ فراہم کرتا ہے، اس پر بھی اللہ تعالیٰ کی لعنت ہے۔''

(صحیح مسلم' کتاب الأضاحی ، باب 8 ، حدیث 1978)

120:- Narrated Ali رَضِيَ اللهُ تَعَالىٰ عَنْهَا, The Prophet ﷺ said: Allah has cursed the person who slaughters (an animal) in the name of someone other then Allah; and he has cursed the person who steals away the signs of demarcation of land; and he has cursed the person who curses his parents; and he has cursed the person who provides shelter to an innovator (in religion).

٭٭٭٭٭٭٭٭٭٭٭٭٭٭٭

جہنم کے راستے

The ways that lead to Hell.

(121) عَنْ اَبِیْ مَالِكٍ نِالْاَشْعَرِیِّ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم :

لَیَکُوْنَنَّ مِنْ اُمَّتِیْ اَقْوَامٌ یَسْتَحِلُّوْنَ الْحِرَ

''میری امت میں ایسے لوگ ضرور پیدا ہوں گے، جو زنا کو حلال کر لیں گے

وَالْحَرِیْرَ وَالْخَمْرَ وَالْمَعَازِفَ

اور ریشم، شراب اور آلات موسیقی کو بھی حلال کر لیں گے۔''

(صحیح بخاری' کتاب الأشربة، باب 6، حدیث 5590)

121:- Narrated Abu Malik Al-Ashari رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْھَا , The Prophet ﷺ said:
"Such people will definitely be born among my followers who will make lawful, the fornication, the (wearing of) silk (by men), and (playing with) the musical instruments."

* * * * * * * * * * * * * * *

(122) عَنْ عَائِشَةَ رض قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم :

اِنَّ اَصْحٰبَ ھٰذِہِ الصُّوَرِ یَوْمَ الْقِیَامَةِ یُعَذَّبُوْنَ

''یقیناً ان تصویر بنانے والوں کو قیامت کے روز عذاب میں مبتلا کیا جائے گا

وَیُقَالُ لَھُمْ: اَحْیُوْا مَا خَلَقْتُمْ

پھر انہیں حکم دیا جائے گا: ''جو کچھ بنایا ہے، انہیں زندہ بھی کر کے دکھاؤ!

وَقَالَ: اِنَّ الْبَيْتَ الَّذِیْ فِيْهِ الصُّوَرُ

اور آپ ﷺ نے یہ بھی فرمایا: یقیناً جس گھر میں تصویریں ہوں

لَا تَدْخُلُهُ الْمَلٰٓئِكَةُ

فرشتے اس گھر میں داخل نہیں ہوتے۔"

(صحیح بخاری 'کتاب اللباس ، باب 95 ، حدیث 5961)

122:- Narrated Aishah رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْهَا, The Prophet ﷺ said: "Indeed, the painters will be punished on the day of Judgement and they will be asked to put life in their pictures." And the Prophet (PBUH) also said that "the angels do not enter the house which has pictures in it".

شراب اور متعلقہ آٹھ لوگوں پر لعنت

The wine and eight persons related to it have been cursed .

(123) عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ:

لَعَنَ اللهُ الْخَمْرَ وَشَارِبَهَا وَسَاقِيَهَا

"اللہ نے لعنت کی ہے شراب پر، اس کے پینے والے پر، اس کے پلانے والے پر

وَبَآئِعَهَا وَمُبْتَاعَهَا

اس کے بیچنے والے پر، اس کے خریدنے والے پر،

وَعَاصِرَهَا وَمُعْتَصِرَهَا

اس کے نچوڑنے والے پر، نچڑوانے والے پر

وَحَامِلَهَا وَالْمَحْمُوْلَةَ اِلَيْهِ

اس کے ڈھونے والے پر، اور جس کی طرف ڈھو کر لے جائی گئی ہو۔"

(سنن ابی داؤد 'کتاب الأشربة ، باب 2 ، حدیث 3674، صحیح)

123:- Narrated Abdullah bin Umar رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْھَا, The Prophet ﷺ said:

"Allah has cursed the wine and the person who drinks it, the person who serves it, the person who sells it, the person who buys it, the person who squeezes (makes) it, the person who gets it squeezed (made), the person who carries it, and the person to whom it is carried."

(124) عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ:

مَنِ ادَّعٰى اِلٰى غَيْرِ اَبِيْهِ

"جس شخص نے، اپنے والد کو چھوڑ کر، کسی اور کے ساتھ اپنا نسب جوڑ لیا

اَوِ انْتَمٰى اِلٰى غَيْرِ مَوَالِيْهِ

یا اپنے حقیقی آقا کو چھوڑ کر، دوسرے کے ساتھ تعلق جوڑ لیا

فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللهِ الْمُتَتَابِعَةُ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

اس پر قیامت تک مسلسل اللہ کی لعنت ہوتی رہے گی۔"

(سنن ابن داؤد 'کتاب الأدب ، باب 119 ، حدیث 5115، صحیح)

124:- Narrated Anas bin Malik رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْھَا , The Prophet ﷺ said:

"The person who attributed his descent to someone other then his father or the slave who affiliated himself to a person other than his master, will be cursed by Allah continuously till the Doomsday".

چوتھا باب

دعوت وتبلیغ

Excellences of Knowledge and Propagation of Islam.

علم اور دعوت و تبلیغ کے فضائل

Excellences of knowledge and propagation of Islam.

(125) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:

بَلِّغُوْا عَنِّيْ وَلَوْ اٰيَةً

"میری طرف سے لوگوں کو پہنچا دو!
چاہے وہ ایک چھوٹی سی بات ہی کیوں نہ ہو۔"

(صحیح بخاری، کتاب احادیث الانبیاء، باب 50، حدیث 3461)

125:- Narrated Abdullah bin Amr رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْهُمَا, The Prophet ﷺ said:
"Transmit from me even if it is only one saying."

****

(126) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:

اِذَا مَاتَ الْاِنْسَانُ اِنْقَطَعَ عَنْهُ عَمَلُهٗ اِلَّا مِنْ ثَلَاثَةٍ

"جب انسان مر جاتا ہے تو تین (3) صورتوں کے سوا، اس کا سلسلہ عمل منقطع ہو جاتا ہے،

اِلَّا مِنْ صَدَقَةٍ جَارِيَةٍ اَوْ عِلْمٍ يُنْتَفَعُ بِهٖ

(1) صدقہ جاریہ (2) یا ایسا "علم"، جس کا فیض جاری ہو

اَوْ وَلَدٍ صَالِحٍ يَدْعُوْلَهٗ

(3) یا اس کے لیے دعا کرنے والی نیک اولاد۔"

(صحیح مسلم، کتاب الوصیة، باب 3، حدیث 1631)

126:- Narrated Abu Hurairah رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْھَا, The Prophet ﷺ said: "When a person dies his actions are discontinued except the following three: The charitable work that continues (after his death), the beneficial knowledge (left behind), or the pious children who pray for him."

✻✻✻✻✻✻✻✻✻✻✻✻✻✻✻

(127) عَنْ اَبِیْ بَکْرَۃَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ:

فَلْیُبَلِّغِ الشَّاھِدُ الْغَائِبَ!

"(یہاں عرفات میں) موجود ہر شخص، غیر موجود کو (میری باتیں) پہنچا دے

فَرُبَّ مُبَلَّغٍ اَوْعٰی مِنْ سَامِعٍ

کتنے ہی لوگ جنہیں بات پہنچائی جاتی ہے، سننے والوں سے زیادہ سمجھنے والے ہوتے ہیں۔"

(صحیح بخاری، کتاب الحج، باب 132، حدیث 1741)

127:- Narrated Abu Bakrah رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْھَا, The Prophet ﷺ said: "Those who are present should transmit my (sayings) to those who are absent! For it is possible that those to whom these are transmitted have got better understanding than those who are present (now) and listening (and will be transmitting)."

✻✻✻✻✻✻✻✻✻✻✻✻✻✻✻

(128) عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ:

لَا حَسَدَ اِلَّا فِیْ اثْنَتَیْنِ

"دو لوگوں کے علاوہ کسی اور پر حسد (رشک) کرنا جائز نہیں:

رَجُلٍ اٰتَاہُ اللّٰہُ مَالًا فَسُلِّطَ عَلٰی ھَلَکَتِہٖ فِی الْحَقِّ

ایک وہ شخص، جسے اللہ نے مال دیا اور وہ اسے حق کی راہ میں خوب خرچ کرے

وَرَجُلٍ اٰتَاهُ اللّٰهُ الْحِكْمَةَ

دوسرا وہ شخص، جس کو اللہ نے علم وحکمت سے نوازا ہو،

فَهُوَ يَقْضِيْ بِهَا وَيُعَلِّمُهَا

جس کے مطابق وہ فیصلے کرتا ہوا اور تعلیم دیتا ہو۔"

(متفق علیه ، صحیح بخاری ، کتاب العلم ، باب 15، حدیث 73)

128:- Narrated Abdullah bin Mas'ud رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا، The Prophet ﷺ said:

"Envy is not permissible except with two persons: The person to whom Allah has given wealth and he spends it generously in the cause of Allah, and the person whom Allah has blessed with knowledge and wisdom and he judges according to it and teaches it!"

****

عالم کی فضیلت

Excellence of Knowledge.

(129) عَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

فَضْلُ الْعَالِمِ عَلَى الْعَابِدِ

عالم کی عابد پر اسی طرح فضیلت ہے،

كَفَضْلِيْ عَلٰى اَدْنَاكُمْ

جس طرح تمہارے سب سے کم حیثیت والے شخص پر میری فضیلت ہے۔

(جامع ترمذی ، کتاب العلم ، باب 19 ، حدیث 2685، صحیح)

129:- Narrated Abu Umaamah Al- Bahili رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا، The Prophet ﷺ said:

"The superiority of the scholar over the devotee is like my superiority over an ordinary person among you."

کتمانِ علم

Concealing the knowledge

(130) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم :

مَنْ سُئِلَ عَنْ عِلْمٍ فَكَتَمَهُ

''جس آدمی سے کسی مسئلے کے بارے میں دریافت کیا گیا اور اس نے علم کو چھپالیا

اَلْجَمَهُ اللّٰهُ بِلِجَامٍ مِنْ نَّارٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

قیامت کے روز، اللہ تعالیٰ اس کو آگ کی لگام سے کھینچے گا۔''

(سنن ابی داؤد 'کتاب العلم ، باب 9 ، حدیث 3658، صحیح)

130:- Narrated Abu Hurairah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا,The Prophet صلی اللہ علیہ وسلم said: "If a person was asked about some problem and he concealed its knowledge, Allah will bridle him with the bridle of fire on the day of Judgement."

معروف و منکر

Desirable and Prohibited

(131) عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم:

مَنْ رَاٰی مِنْکُمْ مُنْکَرًا فَلْیُغَیِّرْہُ بِیَدِہٖ

''تم میں سے کوئی برائی کو دیکھے تو اسے ہاتھ سے روکنے کی کوشش کرے،

فَاِنْ لَّمْ یَسْتَطِعْ فَبِلِسَانِہٖ

اگر یہ استطاعت نہ ہو تو زبان سے روکے،

فَاِنْ لَّمْ یَسْتَطِعْ فَبِقَلْبِہٖ

اگر اس کی استطاعت بھی نہ ہو تو دل میں اس کو برا خیال کرے

وَذٰلِکَ اَضْعَفُ الْاِیْمَانِ

اور یہ (آخری) ایمان کا کمزور ترین درجہ ہے۔''

(صحیح مسلم' کتاب الایمان ، باب 20 ، حدیث 49)

131:- Narrated Abu Sa'id Al- Khudri رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا ,The Prophet ﷺ said:

"Whoever of you notice an evil he must (try to) stop it with his hand; and if he is unable to do this he must (try to) stop it with his tongue; and if he is unable to do this he must consider it as an evil, and this is the weakest (stage) of belief (Iman)."

(132) عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:

لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَّمْ يَرْحَمْ صَغِيْرَنَا وَيُوَقِّرْ كَبِيْرَنَا

(197) عَنْ عُمَرَ رضی اللہ عنہ قَالَ:

قَالَ: مَا الْإِحْسَانُ ؟

''حضرت جبرائیلؑ نے رسولؐ سے پوچھا: احسان کسے کہتے ہیں؟

قَالَ: اَنْ تَعْبُدَ اللّٰهَ كَاَنَّكَ تَرَاهُ

آپؐ نے فرمایا: احسان یہ ہے کہ تم اللہ کی عبادت اس طرح کرو جیسے تم اسے دیکھ رہے ہو،

فَاِنْ لَّمْ تَكُنْ تَرَاهُ فَاِنَّهٗ يَرَاكَ

اور اگر تمہارے لیے یہ ممکن ہو تو اس کیفیت کے ساتھ عبادت کرو کہ اللہ تمہیں دیکھ رہا ہے''۔

(حدیثِ جبریلؑ) (صحیح بخاری ، کتاب الایمان ، باب 37 ، حدیث 50)

197:- Narrated Umar رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا:
Jibra'eel asked the Prophet (PBUH): "What is excellence (Ihsaan)?" The Prophet (PBUH) said: "That you worship Allah as if you are seeing Allah and if this is not possible, you worship Him feeling that He is watching you."

✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲

اسلام کا حسن

Excellence of Islam

(198) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

مِنْ حُسْنِ اِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْكُهٗ مَالَا یَعْنِیْهِ

”انسان کے اسلام کا حسن، اس کا لایعنی (لغو) باتوں سے بچنا ہے۔“

(جامع ترمذی، کتاب الزهد، باب 11، حدیث 2317، صحیح)

198:- Narrated Abu Hurairah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا, The Prophet ﷺ said: "The excellence of a man's Islam is that he should avoid that which does not concern him."

✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲

(199) عَنْ حَسَنِ بْنِ عَلِیٍّؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

دَعْ مَا یُرِیْبُكَ اِلٰی مَالَا یُرِیْبُكَ

”جو بات تمہارے دل میں کھٹکے، اسے چھوڑ کر،
ایسی بات اختیار کرو! جو تمہیں شک میں مبتلا نہ کرے۔“

(جامع ترمذی ’کتاب صفة القیامة، باب 60، حدیث 2518، صحیح)

199:- Narrated Hassan bin Ali رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا, The Prophet ﷺ said: "Give up what creates doubt in your mind and replace it by what does not create doubt in your mind."

✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲

مقروضوں سے احسان

Excellence with the Debtors.

(200) عَنْ اَبِیْ مَسْعُوْدٍ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ:

حُوْسِبَ رَجُلٌ مِمَّنْ کَانَ قَبْلَکُمْ

”تم سے پہلی امت کے ایک آدمی سے حساب لیا جانے لگا

فَلَمْ یُوْجَدْ لَهٗ مِنَ الْخَیْرِ شَیْءٌ

تو اس کے نامہ اعمال میں کوئی نیکی نہیں تھی،

اِلَّا اَنَّهٗ کَانَ یُخَالِطُ النَّاسَ وَکَانَ مُوْسِرًا

البتہ جب وہ لوگوں سے معاملات کرتا تو ان کے لیے آسانیاں پیدا کرتا۔

فَکَانَ یَاْمُرُ غِلْمَانَهٗ اَنْ یَتَجَاوَزُوْا عَنِ الْمُعْسِرِ

وہ اپنے ماتحتوں کو حکم دیا کرتا تھا کہ وہ قرض داروں سے درگزر کریں۔

قَالَ: قَالَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ نے اس شخص کے بارے میں فیصلہ دیا

نَحْنُ اَحَقُّ بِذٰلِکَ مِنْهُ تَجَاوَزُوْا عَنْهُ

”ہم بھی اس کی (مغفرت میں) درگزر سے کام لینے میں زیادہ قدرت رکھتے ہیں۔“

(صحیح مسلم 'کتاب المساقاۃ، باب 6، حدیث 1561)

200:- Narrated Abu Mas'ud رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْهَا, The Prophet ﷺ said: "A man from those who were before you was called to account and no good deed was found in his record. However, when he dealt with the people, he used to be lenient with then and he used to order his servants to forgo the impoverished (debtors). " The Prophet (PBUH) says that Allah Almighty said: "We deserve to be more lenient than him and he was forgiven."

اخلاص کا اجر

Reward of sincerity.

ایک غزوے کے موقع پر آپ ﷺ نے فرمایا:

On the occassion of a battle the Prophet (PBUH) said:

(201) عَنْ اَنَسٍ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

اِنَّ اَقْوَامًا بِالْمَدِيْنَةِ خَلْفَنَا

مدینے میں کچھ ایسے لوگ ہیں، جو ہم سے پیچھے رہ گئے،

مَا سَلَكْنَا شِعْبًا وَلَا وَادِيًا

لیکن ہم نے جو بھی گھاٹی یا وادی عبور کی ہے،

اِلَّا وَهُمْ مَعَنَا فِيْهِ

اس میں وہ بھی ہمارے ساتھ ہیں

(یعنی وہ ہمارے بارے میں فکرمند اور دعا گو ہیں، اس لیے انہیں بھی اجر ملے گا)

حَبَسَهُمُ الْعُذْرُ

انہیں "عذر" نے روک رکھا ہے (ورنہ وہ بھی ضرور شرکت کرتے)"

(صحیح بخاری ' کتاب الجهاد ، باب 35 ، حدیث 2839)

201:- Narrated Anas رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا, The Prophet ﷺ said: "There are people in Madinah who have been left behind, but they have been with us in every mountain trail and valley (by their prayers for us for which they will be rewarded), their inability has kept them behind (otherwise they would have joined us).

****

کلمۃ اللہ کی بلندی کیلئے جہاد اخلاص ہے

To fight for the elevation of The Word of Allah sincerely is the real Jihad. (To seek the pleasure of Allah and to raise His Name)

(202) اَبِیْ مُوْسَی الْاَشْعَرِیِّ رضی اللہ عنہ قَالَ:

جَآءَ رَجُلٌ اِلَی النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم فَقَالَ:

''ایک آدمی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور عرض کی:

اَلرَّجُلُ یُقَاتِلُ لِلْمَغْنَمِ

ایک آدمی مالِ غنیمت کے حصول کے لیے قتال کرتا ہے۔

وَالرَّجُلُ یُقَاتِلُ لِلذِّکْرِ

دوسرا آدمی اپنی شہرت اور ناموری کے لیے قتال کرتا ہے۔

وَالرَّجُلُ یُقَاتِلُ لِیُرٰی مَکَانُہٗ

تیسرا آدمی، اپنی بہادری دکھانے کے لیے قتال کرتا ہے،

فَمَنْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ؟

ان میں سے اللہ کے راستے میں کون شمار ہوگا؟

قَالَ: مَنْ قَاتَلَ لِتَکُوْنَ کَلِمَۃُ اللّٰہِ ھِیَ الْعُلْیَا

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اللہ کے کلمے کی سر بلندی کے لیے قتال کرے

فَھُوَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ

وہی فی سبیل اللہ جہاد کر رہا ہے'' (اُسی کا اِخلاص نیت قابلِ قبول ہوگا)

(صحیح بخاری 'کتاب الجهاد ، باب 15 ، حدیث 2810)

202:- Narrated Abu Musa Al-Ashari رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْھَا:
A man came to the Prophet (PBUH) and said: "A man fights for the sake of (acheiving) booty, and another man fights for the sake of fame and another man fights for the sake of being known as a brave man, which (of them) will be considered as fighting for the sake of Allah?" The Prophet (PBUH) said: " Whoever fights for the elavation of Allah's word will be considered to be fighting for the sake of Allah."

نیت کا اجر

Raward of intention

(203) عَنْ مَعْنِ بْنِ اَبِیْ یَزِیْدَ رض قَالَ:

كَانَ اَبِیْ يَزِيْدُ اَخْرَجَ دَنَانِيْرَ يَتَصَدَّقُ بِهَا فَوَضَعَهَا عِنْدَ رَجُلٍ فِی الْمَسْجِدِ

''(معن رض بیان کرتے ہیں) میرے والد ''یزید'' نے صدقے کے لیے چند دینار نکالے اور انہیں مسجد میں بیٹھے ہوئے آدمی کے پاس رکھ دیا۔

فَجِئْتُ فَاَخَذْتُهَا فَاَتَيْتُهٗ بِهَا

میں نے آ کر ان دیناروں کو اٹھا لیا اور لے کر (گھر) والد کے پاس آیا۔

فَقَالَ: وَاللّٰهِ مَا اِيَّاكَ اَرَدْتُ

تو انہوں (یزید) نے کہا: اللہ کی قسم! میں نے تجھے دینے کا ارادہ تو نہیں کیا تھا۔

فَخَاصَمْتُهٗ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم

میں اس باہمی چپقلش کا مقدمہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لے گیا

فَقَالَ: لَكَ مَا نَوَيْتَ يَا يَزِيْدُ!

تو فرمایا: اے یزید! جس کی تو نے نیت کی تجھے اس کا اجر مل گیا

وَلَكَ مَا اَخَذْتَ يَا مَعْنُ!

اور اے معن! جو تو نے لیا وہ تیرا ہو گیا"

(صحیح بخاری 'کتاب الزکاۃ، باب 15، حدیث 1422، عَنْ مَعْن)

203:- Narrated Ma'an bin Abu Zaid رَضِیَ اللهُ تَعَالٰی عَنْهَا,:
(Maan (R.A.) narrated that his father) Abi Yazeed took out some Dinars for charity and put them beside a person in the mosque. I came (to the mosque), picked up those Dinars and came home with th em to my father. My father said! "By Allah! I did not intend (to give) this (to you)." So we took this case to Prophet (PBUH). The Prophet (PBUH) said: "O Yazeed! You will get the reward of what you intended to give, and O Maan; what you have got is yours."

****

حسنِ نیت اور حسنِ عمل

Good intention and good action.

(204) عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم:

اِنَّ اللهَ لَا يَنْظُرُ اِلٰى صُوَرِكُمْ وَاَمْوَالِكُمْ

"اللہ تعالیٰ تمہارے چہروں اور اموال کو نہیں دیکھتا،

وَلٰكِنْ يَنْظُرُ اِلٰى قُلُوْبِكُمْ وَاَعْمَالِكُمْ

بلکہ وہ تمہاری نیتوں اور اعمال کو دیکھتا ہے"

(صحیح مسلم ' کتاب البر والصلۃ و الأدب، باب 10، حدیث 2564)

204:- Narrated Abu Hurairah رَضِیَ اللهُ تَعَالٰی عَنْهَا,The Prophet صلی اللہ علیہ وسلم said: "Allah does not look at your faces and your wealth, but he looks at your hearts (intentions) and your actions (deeds)."

احتیاط

Precaution

(205) عَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:

اِذَا حَاكَ فِیْ نَفْسِكَ شَیْءٌ فَدَعْهُ

"جب کوئی چیز تمہارے دل میں کھٹکے تو اُسے چھوڑ دو!"

(مسند احمد ، جلد 5 ، حدیث 22195 ، عن ابی امامۃؓ، صحیح)

205:- Narrated Abu Umamah رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا, The Prophet ﷺ said: "When something creates doubt in your mind, leave it."

✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲

مشتبہ چیزوں سے اجتناب کرنا چاہیے

Doubtful things should be avoided.

(206) عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِیْرٍ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:

فَمَنِ اتَّقَى الشُّبُهَاتِ

"جو شخص مشتبہ چیزوں سے بچا رہا،

فَقَدِ اسْتَبْرَاَ لِدِیْنِهٖ وَ عِرْضِهٖ

یقیناً اُس نے اپنے دین کو اور اپنی عزت و آبرو کو بچا لیا

وَمَنْ وَقَعَ فِی الشُّبُهَاتِ وَقَعَ فِی الْحَرَامِ

اور جو شخص مشتبہ چیزوں میں مبتلا ہو گیا، وہ حرام میں گر پڑا۔"

(صحیح البخاری ، کتاب الایمان ، باب 39 ، حدیث 52 ، عن نعمانؓ)

206:- Narrated Al-Nu'man bin Bashir رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا, The Prophet ﷺ said:

"Whoever saved himself from the doubtful things, saved his religion and his honour, and whoever involved himself in doubtful thing, he involved himself into forbidden things."

تزکیۂ نفس

Self Purification

(207) عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍؓ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ:

اِتَّقِ اللّٰهَ حَيْثُمَا كُنْتَ

''جس حال میں بھی ہو، اللہ سے ڈرو!

وَاَتْبِعِ السَّيِّئَةَ الْحَسَنَةَ تَمْحُهَا

(اگر گناہ ہو جائے تو) گناہ کے فوراً بعد کوئی نیکی کرلو! جو گناہ کو مٹا دے گی۔

وَخَالِقِ النَّاسَ بِخُلُقٍ حَسَنٍ

اور لوگوں کے ساتھ حسنِ اخلاق سے پیش آؤ!''

(جامع ترمذی 'کتاب البر والصلة، باب 55، حدیث 1987)

207:- Narrated Muaaz bin Jabal رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا, The Prophet ﷺ said:
"Fear Allah, wherever you are! Follow a sin with a virtue, for this will erase it (the sin), and interact with the people with the best manners and politeness."

(208) عَنْ عَائِشَۃَ رض قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ:

مَنِ الْتَمَسَ رِضَا اللّٰہِ بِسَخَطِ النَّاسِ

''جس نے لوگوں کی ناراضگی کے باوجود، اللہ کی رضا کو مقدم رکھا،

کَفَاہُ اللّٰہُ مُؤْنَۃَ النَّاسِ

لوگوں کی سختیوں کے مقابلے میں، اللہ ہی اس کے لیے کافی ہو جائے گا۔

مَنِ الْتَمَسَ رِضَا اللّٰہِ بِسَخَطِ النَّاسِ

اور جس نے اللہ کی ناراضگی میں لوگوں کی رضا چاہی،

وَکَلَہُ اللّٰہُ اِلَی النَّاسِ

تو اللہ تعالیٰ اسے لوگوں ہی کے حوالے کر دے گا''۔

(جامع ترمذی ' کتاب الزھد ، باب 64 ، حدیث 2414، صحیح)

208:- Narrated Aishah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا, The Prophet ﷺ said: "Whoever preferred the pleasure of Allah over the pleasure of people, Allah will be enough for him against the cruelties of people. And whoever preferred the pleasure of people over the pleasure of Allah, he will be entrusted to the people by Allah."

(209) عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ:

اِتَّقِ الْمَحَارِمَ

اللہ کی حرام کردہ چیزوں سے بچو!

تَکُنْ اَعْبَدَ النَّاسِ

تم لوگوں میں سے سب سے زیادہ عبادت گزار ہو جاؤ گے،

وَارْضَ بِمَا قَسَّمَ اللّٰهُ لَكَ

اللہ نے جو (روزی) تمہارے لئے تقسیم کی ہے، اس پر قانع رہو! (راضی رہو)

تَكُنْ اَغْنَى النَّاسِ

تم لوگوں سے بے نیاز ہو جاؤ گے۔

وَاَحْسِنْ اِلٰى جَارِكَ تَكُنْ مُؤْمِنًا

"پڑوسی سے اچھا سلوک کرو! مومن بن جاؤ گے!

وَاَحِبَّ لِلنَّاسِ مَا تُحِبُّ لِنَفْسِكَ

لوگوں کے لیے وہی پسند کرو! جو اپنے لئے چاہتے ہو

تَكُنْ مُسْلِمًا

کامل مسلمان بن جاؤ گے!

وَلَا تُكْثِرِ الضَّحِكَ

زیادہ مت ہنسو!

فَاِنَّ كَثْرَةَ الضَّحِكِ تُمِيْتُ الْقَلْبَ

کیونکہ زیادہ ہنسنے سے دل مردہ ہو جاتے ہیں"۔

(جامع ترمذی 'کتاب الزهد، باب 2، حدیث 2305، صحیح)

209:- Narrated Abu Hurairah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْهَا, The Prophet ﷺ said: "Avoid what Allah has forbidden, and you will become more devout than all the people! Be content with what Allah has given you, and you will become free from people! Treat your nieghbour nicely, and you will be a (perfect) believer (mu'min)! Like for the people what you like for yourself, and you will become a (perfect) muslim! And do not laugh too much, because frequent laughter makes the heart dead!"

عقل منداور بے وقوف

The wise and the foolish

(210) عَنْ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ:

اَلْكَيِّسُ مَنْ دَانَ نَفْسَهٗ

"عقل مند وہ ہے، جو اپنے نفس کو قابو میں رکھے (نفس پر توجہ کرے)

وَعَمِلَ لِمَا بَعْدَ الْمَوْتِ

اور موت کے بعد والی زندگی کے لیے عمل کرے اور

وَالْعَاجِزُ مَنْ اَتْبَعَ نَفْسَهٗ هَوَاهَا

احمق وہ ہے، جو خواہشاتِ نفس کے پیچھے لگا رہے

ثُمَّ تَمَنّٰى عَلَى اللّٰهِ

اور پھر اللہ سے (مغفرت کی) توقعات باندھ لے۔"

(سنن ابن ماجہ، کتاب الزھد، باب 31، حدیث 930، ضعیف)

210:- Narrated Shaddad bin Ous رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا, The Prophet ﷺ said:

"The one who controlled himself and worked for life after death is the (real) wise person. And the one who followed his desire and then expected Allah to forgive him is (really) a stupid person."

دل کا جائزہ لیتے رہنا چاہئے

Keep checking your heart.

(211) عَنْ اَبِیْ مُوْسَی الْاَشْعَرِیِّ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ:

مَثَلُ الْقَلْبِ مَثَلُ الرِّيْشَةِ

''دل کی مثال (پرندوں کے) پر کی سی ہے،

تُقَلِّبُهَا الرِّيَاحُ بِفَلَاةٍ

جسے ہوائیں بیابان میں اڑائے پھرتی ہیں''۔

(سنن ابن ماجه 'المقدمة ، باب 10 ، حديث 88، صحيح)

211:- Narrated Abu Musa Al-Ashari رَضِیَ اللهُ تَعَالٰی عَنْهَا, The Prophet ﷺ said:

"The heart is like a feather that is turned around by the winds in the desert." (just follows the direction of the wind therefore you should keep checking your heart)

❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋

نفل نمازیں

Supererogatory prayers.

(212) عَنْ حُذَيْفَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ:

كَانَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم إِذَا حَزَبَهُ أَمْرٌ صَلَّى

"نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو جب بھی کوئی مصیبت پیش آتی تو نفل نماز ادا کرتے۔"

(سنن ابی داؤد' کتاب التطوع، باب 23 ، حدیث 1319، صحیح)

212:- Narrated Hudhaifa رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْھَا:
Whenever the Prophet (PBUH) faced a problem he used to pray (voluntary prayers).

✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲

(213) عَنْ أَبِي بَكْرٍ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:

مَا مِنْ رَجُلٍ يُذْنِبُ ذَنْبًا ثُمَّ يَقُومُ فَيَتَطَهَّرُ

"کوئی شخص اگر گناہ کر لے، پھر اس کے بعد اُٹھ کر وضو کرے،

ثُمَّ يُصَلِّي ثُمَّ يَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ إِلَّا غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ

اور پھر (نفل) نماز پڑھے، پھر اللہ سے استغفار کرے تو اللہ اسے یقیناً بخش دے گا"۔

(جامع ترمذی 'کتاب الصلاۃ ، باب 182، حدیث 406، صحیح)

213:- Narrated Abu Bakr رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْھَا, The Prophet صلی اللہ علیہ وسلم said:
"Whoever commits a sin, then gets up and makes ablution, then prays (Supererogatory prayer) and asks Allah to forgive him, Allah forgives him"

✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲

Greeting to the Mosque. تحیۃ المسجد

(214) عَنْ اَبِیْ قَتَادَۃَ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم:

اِذَا دَخَلَ اَحَدُکُمُ الْمَسْجِدَ

''جب تم میں سے کوئی شخص مسجد میں داخل ہو،

فَلْیَرْکَعْ رَکْعَتَیْنِ قَبْلَ اَنْ یَّجْلِسَ

تو اسے بیٹھنے سے پہلے دو رکعت (نفل تحیۃ المسجد) پڑھنا چاہیے''۔

(صحیح بخاری 'کتاب الصلاۃ ، باب 60 ، حدیث 444)

214:- Narrated Abu Qatadah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا, The Prophet ﷺ said: "Whenever any of you enters the mosque, he should pray two Raka'ats before he sits.

****

(215) عَنْ عَائِشَۃَ رض قَالَتْ:

کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم یُصَلِّی الضُّحٰی اَرْبَعًا

''رسول اکرم ﷺ چاشت کی چار (4) رکعات ادا کیا کرتے تھے،

وَ یَزِیْدُ مَاشَآءَ اللّٰہُ

اور بعض اوقات توفیق الٰہی سے چار سے زیادہ بھی پڑھ لیتے''۔

(صحیح مسلم 'کتاب صلاۃ المسافرین ، باب 13 ، حدیث 719)

215:- Narrated Aishah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا :
"The Prophet (PBUH) used to pray four Raka'ats for the forenoon prayer (Duha prayer) and sometimes he used to pray even more as Allah willed."(Duha prayer is an optional prayer which is prayed between sunrise and zuhr (midday) prayer)

(216) عَنْ بِلَالٍؓ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ ﷺ:

عَلَيْكُمْ بِقِيَامِ اللَّيْلِ

”تم قیام اللیل (تہجد) کا اہتمام ضرور کیا کرو!

فَإِنَّهُ دَابُ الصَّالِحِينَ قَبْلَكُمْ

کیونکہ یہ تم سے پہلے کے نیک لوگوں کا بھی طریقہ ہے،

وَإِنَّ قِيَامَ اللَّيْلِ قُرْبَةٌ إِلَى اللّٰهِ

قیام اللیل، تقرب الٰہی کا باعث ہے،

وَمَنْهَاةٌ عَنِ الْإِثْمِ

گناہوں سے روکنے کا ذریعہ ہے،

وَ تَكْفِيرٌ لِلسَّيِّئَاتِ

برائیوں کے مٹانے کا سبب ہے

وَ مَطْرَدَةٌ لِلدَّاءِ عَنِ الْجَسَدِ

اور جسم کو بیماریوں سے بچانے کا ذریعہ بھی ہے“۔

(سنن ترمذی 'کتاب الدعوات، باب 102، حدیث 3549، ضعیف)

216:- Narrated Bilal رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا, The Prophet ﷺ said: "You must pray the Tahajjud (late night) prayer, for it was the habit of the pious people before you, and the night prayer is the source of closeness to Allah and prohibition from sins and atonement of evil deeds and a source of saving the body from diseases."

✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲

نفل روزے

Supererogatory Fasting.

(217) عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ:

لِکُلِّ شَیْءٍ زَکوٰۃٌ وَزَکوٰۃُ الْجَسَدِ الصَّوْمُ

''ہر چیز کے لیے ایک زکوٰۃ ہے، اور جسم کی زکوٰۃ روزہ ہے''۔

(سنن ابن ماجہ 'کتاب الصیام ، باب 44 ، حدیث 382، ضعیف)

217:- Narrated Abu Hurairah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا, The Prophet ﷺ said: "There is charity for everything and the charity of the body is fasting."

❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋

(218) عَنْ اَبِیْ اَیُّوْبَ الْاَنْصَارِیِّؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ:

مَنْ صَامَ رَمَضَانَ ثُمَّ اَتْبَعَہٗ سِتًّا مِنْ شَوَّالٍ

''رمضان کے روزے رکھنے کے بعد، شوال کے چھ (6) روزے رکھنے والا،

کَانَ کَصِیَامِ الدَّھْرِ

سال بھر روزہ رکھنے والے شخص کی طرح ہے''۔

(صحیح مسلم 'کتاب الصیام ، باب 39 ، حدیث 1164)

218:- Narrated Abu Ayyub Ansari رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا, The Prophet ﷺ said:
"Whoever fasted for the month of Ramadhan, then followed it by six fasts from the month of shawwal is like the one who fasts for all his life."

❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋

(219) عَنْ اَبِیْ ذَرٍّؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ:

يَا اَبَا ذَرٍّ! اِذَا صُمْتَ مِنَ الشَّهْرِ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ

"اے ابوذرؓ! اگر تم مہینے میں تین (3) روزے رکھنا چاہو

فَصُمْ ثَلَاثَ عَشْرَةَ وَاَرْبَعَ عَشْرَةَ وَخَمْسَ عَشْرَةَ

تو تیرہ (13)، چودہ (14) اور پندرہ (15) تاریخ کے روزے رکھو!"۔

(جامع ترمذی 'کتاب الصوم، باب 54، حدیث 761، صحیح)

219:- Narrated Abu Zarr رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا, The Prophet ﷺ said: "O Abu Zarr! If you (want to) fast three days during a month, then fast on the thirteenth, fourteenth and fifteenth of the (lunar) month."

پیراور جمعرات کے نفل روزے

Supererogatory fast of Monday and Thursday.

(220) عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ:

تُعْرَضُ الْاَعْمَالُ يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ وَالْخَمِيْسِ

"اللہ کے حضور پیر اور جمعرات کو اعمال پیش کیے جاتے ہیں،

فَاُحِبُّ اَنْ يُعْرَضَ عَمَلِیْ وَ اَنَا صَائِمٌ

"اسی لیے مجھے پسند ہے کہ میرے اعمال روزے کی حالت میں پیش ہوں"۔

(اس لیے میں پیر اور جمعرات کو نفل روزے رکھتا ہوں)

(جامع ترمذی 'کتاب الصوم، باب 44، حدیث 747، صحیح)

220:- Narrated Hurairah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا, The Prophet ﷺ said: "The deeds are presented (to Allah) on Monday and Thursday, therefore, I like that my deeds are presented when I am fasting." (Hence, the fast of Mondays and Thursdays is recommended).

(221) عَنْ عَبْدِاللّٰہِ بْنِ عَبَّاسٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ:

سُئِلَ عَنْ صِیَامِ یَوْمِ عَاشُوْرَآءَ قَالَ

''حضرت ابن عباسؓ سے ''یوم عاشوراء'' کے روزے کے بارے میں پوچھا گیا تو فرمایا:

مَا عَلِمْتُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ صَامَ یَوْمًا

مجھے تو یہی معلوم ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اگر کسی دن کی فضیلت کے پیش نظر روزہ رکھا

یَطْلُبُ فَضْلَهٗ عَلَی الْاَیَّامِ اِلَّا ھٰذَا الْیَوْمَ

تو وہ اسی دن (یوم عاشوراء کا) ہے۔

وَلَا شَهْرًا اِلَّا ھٰذَا الشَّهْرَ یَعْنِیْ رَمَضَانَ

اور اگر کسی مہینے کی فضیلت، کے پیش نظر روزہ رکھا تو یہی مہینہ ہے، یعنی رمضان کا''۔

(صحیح مسلم ٬کتاب الصیام ، باب 19 ، عن ابن عباسؓ، حدیث 1132)

221:- Narrated Abdullah bin Abbas رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْهُمَا:
That he was asked about the fast of the day of Aashura (10th of Muharram) and he said: "I do not know that the Prophet (PBUH) fasted for any day considering its superiority except this day (10th of Muharram); and he didn't fast for any whole month except the month of Ramadhan!"

✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲

نفل اِنفاق

Supererogatory Charity.

(222) عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ رضی اللہ عنہا قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم:

اِنَّ فِي الْمَالِ حَقًّا سِوَى الزَّكٰوةِ

"یقیناً زکوٰۃ کے علاوہ بھی، مال میں (دوسروں کا) حق ہے"۔

(جامع ترمذی' کتاب الزکاۃ ، باب 27 ، حدیث 103، ضعیف)

222:- Narrated Fatima bint Qais رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْھَا , The Prophet صلی اللہ علیہ وسلم said:
"Indeed, there is right of others in the wealth except Zakat (obligatory charity)."

✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲

(223) عَنْ اَسْمَاءَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم:

اَنْفِقِيْ وَلَا تُحْصِيْ فَيُحْصِيَ اللهُ عَلَيْكِ

(اے اسماءؓ!) "خرچ کر! گن گن کرمت رکھ! ورنہ اللہ بھی گن گن کر دے گا۔

وَلَا تُوْعِيْ فَيُوْعِيَ اللهُ عَلَيْكِ

اور سمیٹنے کے چکروں میں مت پڑ! ورنہ پھر اللہ بھی اپنی نعمت کو سمیٹ لے گا"۔

(صحیح بخاری ' کتاب الھبۃ ، باب 15 ، حدیث 2591 ، عن اسماءؓ)

223:- Narrated Asmaa رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْھَا , The Prophet صلی اللہ علیہ وسلم said:
"(O Asmaa (R.A.)) spend and do not count, otherwise, Allah will also give you by counting. And do not hold, otherwise Allah will also hold (His blessings) from you."

✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲

(224) عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ:

اِنَّ الصَّدَقَةَ لَتُطْفِئُ غَضَبَ الرَّبِّ

''یقیناً صدقہ، اللہ کے غضب کو بجھا دیتا ہے

وَ تَدْفَعُ عَنْ مِيْتَةِ السُّوْءِ

اور بری موت کو ٹال دیتا ہے''۔

(سنن الترمذی 'کتاب الزکاۃ ، باب 28 ، حدیث 105، ضعیف)

224:- Narrated Anas bin Malik رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْھَا, The Prophet ﷺ said: "Indeed, the charity extinguishes Allah's wrath and wards off the evil death."

****

(225) عَنْ اَنَسٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ:

مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَغْرِسُ غَرْسًا اَوْ يَزْرَعُ زَرْعًا

''جب بھی کوئی مسلم کوئی درخت لگاتا ہے یا کھیتی بوتا ہے،

فَيَاكُلُ مِنْهُ طَيْرٌ اَوْ اِنْسَانٌ اَوْ بَهِيْمَةٌ"

اور پھر اس سے کوئی پرندہ، انسان یا جانور مستفید ہوتا ہے،

اِلَّا كَانَ لَهُ بِهِ صَدَقَةٌ"

تو اس کے نتیجے میں اُسے لازماً نیکیاں ملتی ہیں''۔

(صحیح بخاری 'کتاب المزارعۃ ، باب 1 ، حدیث 2320)

225:- Narrated Anas رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْھَا , The Prophet ﷺ said: "Whenever a muslim plants a tree or sows the seed and the birds or men or animals eat from it, this becomes charity for him (and he will get its reward)."

(226) عَنْ عَائِشَةَ رضؓ قَالَتْ :

اَنَّهُمْ ذَبَحُوْا شَاةً

''حضرت عائشہؓ کہتی ہیں) لوگوں نے ایک بکری ذبح کی،

فَقَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم مَا بَقِيَ مِنْهَا ؟

نبی ﷺ نے پوچھا: اس بکری کے گوشت میں سے کیا باقی بچا ہے؟

قَالَتْ: مَا بَقِيَ مِنْهَا اِلَّا كَتِفُهَا

حضرت عائشہؓ نے فرمایا: شانے کے علاوہ کچھ نہیں بچا (سارا خیرات کر دیا گیا)

قَالَ: بَقِيَ كُلُّهَا غَيْرَ كَتِفِهَا

آپ ﷺ نے فرمایا: (دراصل اللہ کے نزدیک) ساری بکری کا گوشت بچ گیا سوائے شانے کے گوشت کے''۔

(جامع ترمذی 'کتاب صفة القيامة، باب 33، عن عائشة ،حديث 2470، صحيح)

226:- Narrated Aishah رَضِيَ اللهُ تَعَالىٰ عَنْهَا:

"A goat was slaughtered. The Prophet (PBUH) asked (me): What is left of it? I answered: Nothing is left of it except a shoulder (The rest had been given away in charity). The Prophet (PBUH) said: The whole of the goat has been left except the shoulder! (as reward from Allah)"

سخاوت اور فیاضی

Benevolence and Generosity.

(227) عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ ؓ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ:

أَيُّكُمْ مَالُ وَارِثِهِ أَحَبُّ إِلَيْهِ مِنْ مَالِهِ؟

"نبی ﷺ نے دریافت کیا: تم میں سے کس کو اپنے مال کے مقابلے میں، اپنے وارث کا مال زیادہ پسند ہے؟

قَالُوا يَا رَسُولَ اللهِ ﷺ! مَا مِنَّا أَحَدٌ إِلَّا مَالُهُ أَحَبُّ إِلَيْهِ

صحابہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول ﷺ! ہم میں سے ہر ایک کو اپنا ہی مال زیادہ پسند ہے۔

قَالَ: فَإِنَّ مَالَهُ مَا قَدَّمَ

فرمایا: دراصل آدمی کا مال تو وہی ہے، جو اس نے آگے بھیج دیا (آخرت کے لیے)

وَ مَالُ وَارِثِهِ مَا أَخَّرَ

اور وارثوں کا مال وہ ہے جو وہ پیچھے چھوڑ کر گیا۔"

(صحیح بخاری 'کتاب الرقاق، باب 12، حدیث 6442)

227:- Narrated Abdullah bin Mas'ud رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا,:

"(The Prophet (PBUH) asked) who of you loves the wealth of his heirs more than his own wealth?" The companions answered:" O Messenger of Allah! Every one of us loves his own wealth more (than that of his heirs)." The Prophet (PBUH) said: "Indeed the wealth of a person is that which he sent forward (for the life of hereafter) and whatever he left behind is the wealth of his heirs."

(228) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:

مَا مِنْ یَوْمٍ یُصْبِحُ الْعِبَادُ فِیْهِ

"جب خدا کے بندے ہر صبح اٹھتے ہیں

اِلاَّ مَلَکَانِ یَنْزِلاَنِ فَیَقُوْلُ اَحَدُهُمَا

تو دو فرشتے نازل ہوتے ہیں، ان میں سے ایک کہتا ہے:

اَللّٰهُمَّ اَعْطِ مُنْفِقًا خَلَفًا وَیَقُوْلُ الْاٰخَرُ

اَللّٰهُمَّ اَعْطِ مُمْسِکًا تَلَفًا

اے اللہ: خرچ کرنے والے کو مزید دے، جبکہ دوسرا کہتا ہے کہ روک کر رکھنے والے کا مال ختم کر دے"۔ **(صحیح بخاری 'کتاب الزکاۃ، باب 27، حدیث 1442)**

228:- Narrated Abu Hurairah رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنہَا, The Prophet ﷺ said: Every morning when the people get up, two angels come down. One of them says: 'O Allah! Give more to the one who spends (in your way)'; while the other says: 'O Allah! destroy the wealth of the one who holds back (and does not spend in your way)!'

✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲

خیرات میں مقدار کی اہمیت نہیں

The amount is not important in charity.

(229) عَنْ عَدِیِّ بْنِ حَاتِمٍ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:

اِتَّقُوا النَّارَ

"جہنم کی آگ سے بچو!

وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ

چاہے کھجور کا ایک ٹکڑا دے کر ہی کیوں نہ ہو۔"

(صحیح بخاری 'کتاب الزکاۃ، باب 10، حدیث 1417)

229:- Narrated Adee bin Hatim رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا,The Prophet ﷺ said: "Save yourselves from the Hell-fire even if it is by (spending in the way of Allah) a portion of a date."

****

(230) عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ:

اَرْبَعُوْنَ خَصْلَةً اَعْلَاهُنَّ مَنِيْحَةُ الْعَنْزِ

"چالیس (اچھی) خصلتیں ہیں، جن میں سے سب سے اعلیٰ خصلت، کسی کی (دودھ کی) ضرورت پوری کرنے کے لئے اسے بکری عاریتاً دینا ہے۔

مَا مِنْ عَامِلٍ يَعْمَلُ بِخَصْلَةٍ مِنْهَا رَجَاءَ ثَوَابِهَا

جن میں سے کوئی کسی ایک پر بھی ثواب کی امید پر عمل کرے گا

وَ تَصْدِيْقَ مَوْعِدِهَا

اور (قیامت کے بارے میں اللہ کے) وعدے کے سچے ہونے پر یقین کرے گا۔

اِلَّا اَدْخَلَهُ اللّٰهُ بِهَا الْجَنَّةَ

تو اللہ تعالیٰ اسے ضرور جنت میں داخل کرے گا۔"

(صحیح بخاری 'کتاب الھبة، باب 35، حدیث 2631)

230:- Narrated Abdullah bin Amr رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا ,The Prophet ﷺ said:
"There are forty (good) characteristics of which the highest is to give someone a goat (for milk). Whoever followed any of these c haracteristics hoping for its reward and believing firmly in the day of Judgement, Allah will enter him in Paradise."

اللہ تعالیٰ صدقات وخیرات کو نشو ونما دیتا ہے

Allah gives growth to the charity.

(231) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:

مَنْ تَصَدَّقَ بِعَدْلِ تَمْرَةٍ مِنْ کَسَبٍ طَیِّبٍ

"جس نے اپنی پاکیزہ اور حلال کمائی سے ایک کھجور بھی صدقہ کیا

وَلَا یَقْبَلُ اللّٰهُ اِلَّا الطَّیِّبَ

جب کہ اللہ تعالیٰ پاکیزہ چیز ہی کو قبول کرتا ہے

وَاِنَّ اللّٰهَ یَتَقَبَّلُهَا بِیَمِیْنِهٖ

اور اللہ تعالیٰ اسے اپنے دائیں ہاتھ سے قبول کرتا ہے،

ثُمَّ یُرَبِّیْهَا لِصَاحِبِهٖ

پھر اس صدقے کی صاحبِ صدقہ کے لئے افزائش کرتا ہے (بڑھاتا ہے)

کَمَا یُرَبِّیْ اَحَدُکُمْ فَلُوَّهٗ

جس طرح تم میں سے کوئی گھوڑے کے بچے کی پرورش کر کے بڑا کرتا ہے

حَتّٰی تَکُوْنَ مِثْلَ الْجَبَلِ

یہاں تک کہ وہی صدقہ پہاڑ جیسا ہو جاتا ہے"۔

(صحیح بخاری 'کتاب الزکاۃ، باب 7، حدیث 1410)

231:- Narrated Abu Hurairah رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا, The Prophet ﷺ said: "Whoever gives in charity a date from his good and lawful earnings (Allah accepts such charity) - but Allah does not accept anything that is not good and unlawful - Allah takes it (the accepted charity) in His Right Hand and nourishes it as any of you would nourish his colt, till this (charity) grows as big as a mountain."

بخل اور کنجوسی

Greed and Miserliness.

(232) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رضی اللہ عنہ قَالَ :

نَهَى النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم عَنِ النَّذْرِ قَالَ :

"نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نذر ماننے سے منع کیا اور فرمایا:

اِنَّهٗ لَا يَرُدُّ شَيْئًا اِنَّمَا يُسْتَخْرَجُ بِهٖ مِنَ الْبَخِيْلِ

نذر سے کوئی بلا نہیں ٹلتی، البتہ یہ کنجوس سے پیسہ نکلوا لیتی ہے"۔

(صحیح بخاری 'کتاب القدر ، باب 6 ، حدیث 6608)

232:- Narrated Abdullah bin Umar رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْهُمَا,:
"The Prophet (PBUH) prohibited from votive offerings (making a vow) and said: It does not avert any misfortune. However it extracts (money) from the miser."

****

(233) عَنْ جَابِرٍ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم :

اِتَّقُوا الظُّلْمَ فَاِنَّ الظُّلْمَ ظُلُمَاتٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

"ظلم سے بچو! کیونکہ ظلم قیامت کے اندھیروں میں سے ایک اندھیرا ہے

وَاتَّقُوا الشُّحَّ

اور کنجوسی سے بچو!

فَاِنَّ الشُّحَّ اَهْلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ

کیونکہ اسی کنجوسی (اور حرص) نے تم سے پہلی قوموں کو ہلاک کیا۔

حَمَلَهُمْ عَلٰى اَنْ سَفَكُوْا دِمَآءَهُمْ

اسی کنجوسی نے انہیں خون بہانے پر آمادہ کیا

وَاسْتَحَلُّوْا مَحَارِمَهُمْ

اور حرام کردہ چیزوں کو انہیں حلال کر لینے پر اُکسایا''۔

(صحیح مسلم' کتاب البر والصلۃ والأدب ، باب 15 ، حدیث 2578)

233:- Narrated Jabir رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْهُمَا, The Prophet ﷺ said: "Avoid cruelty, because cruelty will be darkness on the day of Judgement. And avoid stinginess, because stinginess ruined those who were before you. It made them shed the blood and made lawful what was forbidden for them."

فیاض اور بخیل

Generous and miserly.

(234) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

مَثَلُ الْبَخِیْلِ وَالْمُتَصَدِّقِ مَثَلُ رَجُلَیْنِ

''بخیل اور فیاض کی مثال ان دو آدمیوں کی سی ہے،

عَلَیْهِمَا جُبَّتَانِ مِنْ حَدِیْدٍ

جنہوں نے لوہے کی زرہ پہن رکھی ہو

قَدِ اضْطَرَّتْ اَیْدِیَهُمَا اِلٰی تَرَاقِیْهِمَا

جس نے ان دونوں کے ہاتھوں کو حلق کے ساتھ رکھنے پر مجبور کر دیا ہو۔

فَكُلَّمَا هَمَّ الْمُتَصَدِّقُ بِصَدَقَتِهٖ

جب فیاض آدمی خیرات کا ارادہ کرتا ہے تو

اِتَّسَعَتْ عَلَيْهِ حَتّٰى تُعَفِّيَ اَثَرَهٗ

اس کے لیے زرہ وسعت پیدا کر دیتی ہے، حتیٰ کہ اس کا اثر تک زائل ہو جاتا ہے

وَكُلَّمَا هَمَّ الْبَخِيلُ بِالصَّدَقَةِ

اس کے برخلاف جب بخیل صدقے کا ارادہ کرتا ہے

انْقَبَضَتْ كُلُّ حَلْقَةٍ اِلٰى صَاحِبَتِهَا وَتَقَلَّصَتْ عَلَيْهِ

تو اس زرہ کی ہر کڑی دوسری میں پیوست ہو جاتی ہے اور اس کو بھینچ کر رکھ دیتی ہے

وَانْضَمَّتْ يَدَاهُ اِلٰى تَرَاقِيهِ

اور اس کے ہاتھ گلے کے ساتھ ہی چمٹے رہتے ہیں۔"

(صحیح بخاری، کتاب الجهاد، باب 89، حدیث 2917)

234:- Narrated Abu Hurairah رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهَا, The Prophet ﷺ said: "The example of a miserly person and a charitable person is that of two men who are wearing coats of iron so tightly that their hands are forced toward their throats (collarbone) Whenever the charitable person intends to give charity, his coat expands till its effect is eliminated; and whenever the miser person intends to give charity, every link of his coat grips into one another and it contract s on him till his hands cling to his throat (collarbone)."

(235) عَنْ عَلِيٍّ ؓ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ:

اَلْبَخِيلُ الَّذِیْ مَنْ ذُكِرْتُ عِنْدَهٗ

''بخیل وہ ہے، جس کے سامنے میرا تذکرہ کیا جائے،

فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيَّ

اور وہ مجھ پر درود نہ پڑھے''۔

(جامع ترمذی 'کتاب الدعوات ، باب 101 ، حدیث 3546، صحیح)

235:- Narrated Ali رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْهَا, The Prophet ﷺ said: "Whoever does not send greetings on me when my name is mentioned before him, is a miser."

(236) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم :

اَلسَّخِیُّ قَرِیْبٌ مِنَ اللهِ قَرِیْبٌ مِنَ الْجَنَّةِ

"سخی آدمی اللہ سے قریب ہوتا ہے، جنت سے بھی قریب ہوتا ہے

قَرِیْبٌ مِنَ النَّاسِ بَعِیْدٌ مِنَ النَّارِ

لوگوں سے قریب ہوتا ہے، البتہ جہنم سے دور ہوتا ہے۔

وَالْبَخِیْلُ بَعِیْدٌ مِنَ اللهِ بَعِیْدٌ مِنَ الْجَنَّةِ

اس کے برخلاف بخیل آدمی اللہ سے دور ہوتا ہے، جنت سے دور ہوتا ہے،

بَعِیْدٌ مِنَ النَّاسِ قَرِیْبٌ مِنَ النَّارِ

لوگوں سے دور ہوتا ہے، البتہ جہنم کے نزدیک ہوتا ہے،

وَالْجَاهِلُ سَخِیٌّ اَحَبُّ اِلَی اللهِ مِنْ عَابِدٍ بَخِیْلٍ

اور کنجوس عبادت گزار کی بہ نسبت، جاہل سخی اللہ کو زیادہ محبوب ہوتا ہے"۔

(سنن ترمذی کتاب البر والصلة، باب 40، مرسل، حدیث 334، ضعیف جداً)

236:- Narrated Hurairah رَضِیَ اللهُ تَعَالٰی عَنْهَا, The Prophet صلی اللہ علیہ وسلم said: The generous person is close to Allah, close to Paradise, close to the people, far from the fire; and the miser is far from Allah, far from the paradise, far from the people, close to the (Hell) fire; and the ignorant generous person is dearer to Allah than the miser devotee."

ساتواں باب

اَذکار و اَوراد

Daily round of
Supplication - formulas
and recitals.

دُعا اور آدابِ دُعا

Supplication and its etiquette

(237) عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ:

اَلدُّعَآءُ مُخُّ الْعِبَادَةِ

"دُعا عبادت کا مغز ہے"۔

(سنن الترمذی 'کتاب الدعوات ، باب 1 ، حدیث 669، ضعیف)

237:- Narrated Anas bin Malik رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا, The Prophet ﷺ said: "Supplication is the essence (brain) of worship."

****

(238) عَنْ نُعْمَانَ بْنِ بَشِيْرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ:

اَلدُّعَآءُ هُوَ الْعِبَادَةُ

"دُعا ہی دراصل عبادت ہے"۔

(جامع ترمذی 'کتاب الدعوات ، باب 1 ، حدیث 3372، صحیح)

238:- Narrated Nu'man bin Bashir رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا, The Prophet ﷺ said:"Dua (supplication) is the worship."

****

(239) عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ:

لَيْسَ شَيْءٌ اَكْرَمَ عَلَى اللهِ تَعَالٰى مِنَ الدُّعَآءِ

"اللہ تعالیٰ کو دُعا سے زیادہ، کوئی چیز عزیز نہیں ہے"۔

(جامع ترمذی' کتاب الدعوات ، باب 1 ، حدیث 3370، صحیح)

239:- Narrated Abu Hurairah رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا The Prophet ﷺ said: "Nothing is more precious than the prayer (dua') near Allah."

(240) عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم:

مَنْ سَرَّہٗ اَنْ یَّسْتَجِیْبَ اللّٰہُ لَہٗ عِنْدَ الشَّدَآئِدِ وَالْکُرَبِ فَلْیُکْثِرِ الدُّعَآءَ فِی الرَّخَآءِ

''جو شخص چاہتا ہے کہ تنگی مصیبت اور پریشانی میں، اللہ تعالیٰ اس کی دعائیں قبول کرے، تو اسے خوشحالی کے دنوں میں بکثرت دُعا کرنی چاہیے''!

(جامع ترمذی' کتاب الدعوات ، باب 9 ، حدیث 3382، صحیح)

240:- Narrated Abu Hurairah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا، The Prophet ﷺ said: "Whoever wants his supplications (dua's) to be accepted by Allah during his anxiety and distress should supplicate frequently during prosperity and comfort."

قبولیت کے یقین واعتماد کیساتھ دعا کرنی چاہئے

Supplication (Dua') should be made with the belief of its acceptability.

(241) عَنْ اَنَسٍ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم:

إِذَا دَعَوْتُمُ اللهَ فَاعْزِمُوْا فِي الدُّعَاءِ

جب تم اللہ سے دُعا کرو، تو پورے یقین واعتماد سے دُعا کرو!

وَلَا يَقُوْلَنَّ اَحَدُكُمْ

تم میں سے کوئی شخص ہرگز یہ نہ کہے:

اِنْ شِئْتَ فَاَعْطِنِيْ

''اے اللہ! ''اگر تو چاہے تو یہ چیز مجھے عطا کر!''

فَاِنَّ اللهَ لَا مُسْتَكْرِهَ لَهٗ

کیونکہ اللہ کو کسی کام کے کرنے میں، کوئی مجبوری درپیش نہیں ہوتی۔''

(یعنی انسان کو پورے اعتماد کے ساتھ دعا مانگنی چاہیے)

(صحیح بخاری، کتاب التوحید، باب 31، حدیث 7464)

241:- Narrated Anas رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا, The Prophet صلی اللہ علیہ وسلم said: "When you invoke Allah for something, invoke him with full conviction and none of you should say: "O Allah! Give me (this thing) if You wish, because nothing can compel Allah." (Nothing is impossible for Allah, therefore ask Allah with full conviction)

ذِکرِ الٰہی

Remembrance of Allah.

(242) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

یَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰی: اَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِیْ بِیْ

"اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میرا معاملہ بندے کے ساتھ اس کے اپنے یقین کے مطابق ہے۔

وَ اَنَا مَعَهٗ اِذَا ذَكَرَنِیْ

میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں، جب وہ مجھے یاد کرتا ہے۔

فَاِنْ ذَكَرَنِیْ فِیْ نَفْسِهٖ ذَكَرْتُهٗ فِیْ نَفْسِیْ

اگر وہ مجھے اپنے دل ہی میں یاد کرے، تو میں بھی اس کو دل ہی دل میں یاد کروں گا،

وَاِنْ ذَكَرَنِیْ فِیْ مَلَاٍ ذَكَرْتُهٗ فِیْ مَلَاٍ خَیْرٍ مِّنْهُمْ

اور اگر وہ دوسرے لوگوں کے سامنے میرا ذکر کرے تو میں ان سے بہتر لوگوں (فرشتوں) میں اس کا ذکر کروں گا"۔ **(مسلم، کتاب الذکر و الدعاء، باب 1، حدیث 2675)**

242:- Narrated Abu Hurairah رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْهَا, The Prophet ﷺ said: "Allah Almighty says: I deal with a person according to his belief about Me and I am with him when he remembers Me. If he remembers Me in his heart, I remembers him in My Heart, and if he remembers Me in a gathering, I remember him in a gathering better than his (i.e. gathering of angels)".

(243) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم :

مَنْ قَالَ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ بِحَمْدِهٖ

”جس نے روزانہ سو(100) دفعہ کہا: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ بِحَمْدِهٖ
(یعنی تیرے تعریف کے ساتھ تیری بے عیبی کا اعتراف کرتا ہوں)

فِیْ یَوْمٍ مِائَةَ مَرَّةٍ حُطَّتْ عَنْهُ خَطَایَاهُ

اس کے قصور معاف کردیے جائیں گے،

وَاِنْ كَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ

اگرچہ گناہ کثرت میں سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں“۔

(متفق علیه ، صحیح بخاری ، کتاب الدعوات ، باب 65 ، حدیث 6405)

243:- Narrated Abu Hurairah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْهَا, The Prophet ﷺ said: "Whoever said سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ بِحَمْدِهٖ (Glory be to Allah and He be praised), hundred times during a day, his sins will be forgiven even if these are as much as the foam of the sea."

❊❊❊❊❊❊❊❊❊❊❊❊❊❊❊

(244) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم :

اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی یَقُوْلُ :

یقیناً اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

اَنَا مَعَ عَبْدِیْ اِذَا ذَكَرَنِیْ

جب اور جہاں جہاں بندہ میرا ذکر کرتا ہے، تو میں اس کے ساتھ ہوجاتا ہوں

وَتَحَرَّكَتْ بِیْ شَفَتَاهُ

اور جوں ہی میرے لیے اس کے ہونٹ حرکت کرتے ہیں،

تب بھی میں اس کے ساتھ ہوجاتا ہوں۔“ (صحیح بخاری، کتاب التوحید ، باب 43)

244:- Narrated Abu Hurairah رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہَا, The Prophet ﷺ said: Verily, Allah Almighty says: "I am with my slave when he remembers Me and his lips move to remember Me."

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

(245) عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

لَا يَقْعُدُ قَوْمٌ يَّذْكُرُوْنَ اللّٰهَ

''جب بھی اور جہاں بھی بیٹھ کر کچھ بندگان خدا، اللہ کا ذکر کرتے ہیں

اِلَّا حَفَّتْهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ

تو لازمی طور پر فرشتے، انہیں گھیر لیتے ہیں،

وَغَشِيَتْهُمُ الرَّحْمَةُ

رحمتِ الٰہی ان پر چھا جاتی ہے،

وَنَزَلَتْ عَلَيْهِمُ السَّكِيْنَةُ

اللہ کی طرف سے ان پر سکینت نازل ہوتی ہے

وَذَكَرَهُمُ اللّٰهُ فِيْمَنْ عِنْدَهٗ

اور اللہ اپنے مقرب فرشتوں میں ان لوگوں کا ذکر فرماتا ہے''۔

(صحیح مسلم، کتاب الذکر و الدعاء والتوبۃ، باب 11، حدیث 2700)

245:- Narrated Abu Hurairah رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہَا, The Prophet ﷺ said: "Whenever a group of people remembers Allah, angels surround them, Allah's mercy envelops them, tranquility descends on them and Allah remembers them among those who are near Him (i.e. the angels)".

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

ہر گفتگو ذکر الٰہی سے معمور ہونی چاہیے

Every conversation should be full of Allah's remembrance.

(246) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:

لَا تُكْثِرُوا الْكَلَامَ بِغَيْرِ ذِكْرِ اللّٰهِ

''اللہ کے ذکر کے بغیر زیادہ گفتگو نہ کرو!

فَإِنَّ كَثْرَةَ الْكَلَامِ بِغَيْرِ ذِكْرِ اللّٰهِ

کیوں کہ ذکر الٰہی کے بغیر گفتگو

قَسْوَةٌ لِلْقَلْبِ

دل کے لیے قساوت (سختی اور بے حسی) ہے،

وَإِنَّ أَبْعَدَ النَّاسِ مِنَ اللّٰهِ الْقَلْبُ الْقَاسِي

اور وہ آدمی، اللہ سے سب سے زیادہ دور ہوتا ہے، جس کے دل میں قساوت (سختی) ہوتی ہے۔''

(جامع ترمذی، کتاب الزهد ، باب 62 ، حدیث 2411، ضعیف)

246:- Narrated Abdullah bin Umar رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْهُمَا, The Prophet صلی اللہ علیہ وسلم said:

"Do not talk much without remembering Allah, because too much conversation without the remembrance of Allah hardens the heart and verily the furthest from Allah among the people is the one whose heart has been hardened."

توبہ واستغفار

Repentance and seeking forgiveness.

(247) عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم:

اَلتَّائِبُ مِنَ الذَّنْبِ كَمَنْ لَّا ذَنْبَ لَهُ

"گناہوں سے توبہ کر لینے والا، اس شخص کی مانند ہے، جس نے کبھی گناہ کیا ہی نہ ہو"۔

(سنن ابن ماجہ' کتاب الزھد ، باب 30 ، حدیث 4250، ضعیف)

247:- Narrated Abdullah bin Mas'ud رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْھَا, The Prophet ﷺ said:
"The one who repents is like the one who has never sinned."

✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲

(248) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم:

وَاللّٰهِ! اِنِّیْ لَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ فِی الْیَوْمِ اَكْثَرَ مِنْ سَبْعِیْنَ مَرَّةً

"اللہ کی قسم! میں دن میں ستر (70) دفعہ سے زیادہ، اللہ تعالیٰ کے حضور توبہ واستغفار کرتا ہوں۔" **(صحیح بخاری ، کتاب الدعوات ، باب 3' حدیث 6307)**

248:- Narrated Abu Hurairah رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْھَا, The Prophet ﷺ said:
"By Allah! I seek forgiveness from Allah more than seventy times in a day."

✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲

(249) عَنْ عَبْدِاللهِ بْنِ عَبَّاسٍ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم :

مَنْ لَزِمَ الْاِسْتِغْفَارَ

''جوشخص باقاعدگی کے ساتھ استغفار کرتا ہے،

جَعَلَ اللهُ لَهٗ مِنْ كُلِّ ضِيْقٍ مَخْرَجًا

اللہ تعالیٰ اس کے لیے ہر مشکل سے نکلنے کا راستہ بنا دے گا،

وَمِنْ كُلِّ هَمٍّ فَرَجًا

ہر پریشانی کو دور کر کے کشادگی (اطمینان) عطا فرمائے گا،

وَ رَزَقَهٗ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ

اور اسے ان طریقوں سے رزق دے گا، جن کا اس کو وہم و گمان بھی نہ ہوگا''۔

(سننِ ابی داؤد' کتاب الوتر ، باب 26 ، حدیث 1518، ضعیف)

249:- Narrated Abdullah bin Abbas رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْهُمَا, The Prophet صلی اللہ علیہ وسلم said: "Whoever keeps seeking forgiveness, Allah will create an opening for him in every difficulty, and will give him freedom from every grief and will provide him with livelihood in a way he never thought of."

استغفار کی فضیلت

Excellence of seeking forgiveness.

(250) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:

طُوْبٰى لِمَنْ وَجَدَ فِىْ صَحِيْفَتِهِ اِسْتِغْفَارًا كَثِيْرًا

''خوش خبری ہے، اُس شخص کے لیے، جو اپنے اعمال نامے میں بہت زیادہ استغفار پائے۔'' (سننِ ابن ماجہ کتاب الأدب، باب 57، حدیث 3818، صحیح)

250:- Narrated Abdullah bin Busr رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا, The Prophet ﷺ said: "Glad tiding is for the person who has abundance of forgiveness (Istighfar) in his record book."

✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲

صالحین کی دو اہم صفات

Two important characteristics of pious people.

(251) عَنْ عَائِشَةَ رضی اللہ عنہا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنَ الَّذِيْنَ

(آپ ﷺ نے فرمایا) ''اے اللہ! مجھے ان لوگوں میں شامل کردے!

اِذَا اَحْسَنُوْا اسْتَبْشَرُوْا

جو نیکی کر کے خوش ہوتے ہیں۔

وَاِذَا اَسَاءُوْا اسْتَغْفَرُوْا

اور جب ان سے غلطی سرزد ہو جاتی ہے تو استغفار کرتے ہیں۔''

(سنن ابن ماجه، كتاب الأدب، باب 57، حديث 3820، ضعيف)

251:- Narrated Aishah رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهَا:
The Prophet (PBUH) said: "O Allah! include me in those who become happy when they perform a good deed and seek forgiveness (from you) when they commit some evil"

✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲

فضائلِ درود

Excellence of invoking Allah's blessing on the Prophet (PBUH).

(252) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم:

مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ وَاحِدَۃً صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ عَشْرًا

"جس نے مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجا،

اللہ اس پر دس (10) رحمتیں نازل فرمائے گا"۔

(صحیح مسلم، کتاب الصلاۃ، باب 17، حدیث 408)

252:- Narrated Abu Hurairah رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا, The Prophet صلی اللہ علیہ وسلم said: "Whoever asked for Allah's blessings on me once, Allah will send His blessings on him ten times."

****

(253) عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم:

اَوْلَی النَّاسِ بِیْ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ

"قیامت کے روز، سب سے زیادہ میرے قریب وہ لوگ ہوں گے،

اَکْثَرُھُمْ عَلَیَّ صَلَاۃً

جو مجھ پر کثرت سے درود بھیجتے ہوں"۔

(جامع ترمذی، کتاب الصلاۃ، باب 240، حدیث 484، ضعیف)

253:- Narrated Abdullah bin Mas'ud رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا, The Prophet صلی اللہ علیہ وسلم said:
"Nearest to me on the day of Judgement will be those who ask for Allah's blessings on me more than others."

****

(254) عَنْ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ:

اَلْبَخِیْلُ الَّذِیْ مَنْ ذُکِرْتُ عِنْدَہٗ

''بخیل تو وہ شخص ہے، جس کے سامنے میرا نام لیا جائے

فَلَمْ یُصَلِّ عَلَیَّ

اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے''۔

(جامع ترمذی، کتاب الدعوات ، باب 101 ، حدیث 3546، صحیح)

254:- Narrated Ali bin Abi Talib رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا، The Prophet ﷺ said:
"The person in whose presence my name is mentioned and he does not ask for Allah's blessing on me is a miser."

****

درود کے بغیر دُعا معلق رہتی ہے

The supplication (Dua') remains suspended without blessings on the Prophet (PBUH).

(255) عَنْ عُمَرَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ:

اِنَّ الدُّعَاءَ مَوْقُوْفٌ بَیْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ

''یقیناً دُعا، آسمان اور زمین کے درمیان ٹھہری رہتی ہے،

لَا یَصْعَدُ مِنْہُ شَیْءٌ حَتّٰی تُصَلِّیْ عَلٰی نَبِیِّكَ

اس کا کوئی حصہ بھی اوپر بلند نہیں ہوتا، جب تک آپ اپنے نبیؐ پر درود نہ بھیجیں''۔

(جامع ترمذی، کتاب الصلاۃ ، باب 240 ، قول عمرؓ ، حدیث 486)

255:- Narrated Umar رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا، The Prophet ﷺ said:
"The supplication (dua')remains suspended between the heaven and the earth and nothing from it climbs up until the blessings of Allah is not asked for the Prophet (PBUH)."

درود کے تین فائدے

Three benefits of asking blessings of Allah for the Prophet (PBUH).

(256) عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ صَلَاةً وَاحِدَةً

''جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے،

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرَ صَلَوَاتٍ

اللہ تعالیٰ اس پر دس (10) رحمتیں نازل فرماتا ہے،

وَحُطَّتْ عَنْهُ عَشْرُ خَطِيْئَاتٍ

اس کی دس (10) خطائیں معاف کردی جاتی ہیں

وَرُفِعَتْ لَهٗ عَشْرُ دَرَجَاتٍ

اور دس (10) درجات بلند کردیئے جاتے ہیں''۔

(سنن نسائی ، کتاب السھو ، باب 55 ، حدیث 1296، صحیح)

256 :- Narrated Anas bin Malik رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْهَا , The Prophet ﷺ said:

"Whoever asks for Allah's blessings on me once, Allah sends His blessings on him ten times, and ten of his mistakes are forgiven and he is raised by ten degrees."

❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋

آٹھواں باب

مُعَاشَرَت

Soial Relations

والدین کے حقوق

Rights of Parents.

(257) عَنْ اَنَسٍ رضی اللہ عنہ قَالَ :

سُئِلَ النَّبِیُّ عَنِ الْکَبَائِرِ

''نبی اکرم ﷺ سے کبیرہ گناہوں کے بارے میں پوچھا گیا

قَالَ: اَلْاِ شْرَاكُ بِاللّٰهِ

آپ ﷺ نے فرمایا: (1) اللہ کے ساتھ شرک،

وَعُقُوْقُ الْوَالِدَيْنِ وَقَتْلُ النَّفْسِ وَشَهَادَةُ الزُّوْرِ

(2) والدین کی نافرمانی (3) کسی کا ناحق قتل (4) اور جھوٹی گواہی''۔

(صحیح بخاری ، کتاب الشھادات ، باب 10 ، حدیث 2653)

257:- Narrated Anas رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْھَا:

The Prophet (PBUH) was asked about the major sins. He said: "Making partners with Allah; disobeying the parents; killing someone (without a right); and giving false evidence (are the major sins)."

(258) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

اَفْضَلُ الْاَعْمَالِ (اَوِ لْعَمَلِ) اَلصَّلَاةُ لِوَقْتِهَا وَ بِرُّالْوَالِدَيْنِ

''اعمال میں سے بہترین کام، نماز کا بروقت ادا کرنا اور والدین سے حسنِ سلوک ہے''۔

(صحیح مسلم ، کتاب الایمان ، باب 36 ، حدیث 85)

258:- Narrated Abdullah bin Mas'ud رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا , The Prophet ﷺ said:
"The best of deeds are praying (the daily prayers) on time and kindness to parents."

✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲

(259) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

رِضَا الرَّبِّ فِيْ رِضَا الْوَالِدِ

''والد کی رضامندی میں، اللہ کی رضا ہے،

وَ سَخَطُ الرَّبِّ فِيْ سَخَطِ الْوَالِدِ

اور والد کی ناراضگی میں، اللہ کی ناراضگی ہے''۔

(جامع ترمذی ، کتاب البر والصلة ، باب 3 ، حدیث 1899، صحیح)

259:- Narrated Abdullah bin Amr رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا, The Prophet ﷺ said:
"Allah's pleasure is in the father's pleasure and Allah's displeasure is the father's displeasure."

✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲

(260) عَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ الْبَاهِلِیِّ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

"(ایک آدمی نے پوچھا: یارسول اللہ ﷺ!):

مَا حَقُّ الْوَالِدَیْنِ عَلٰی وَلَدِهِمَا

والدین کا اپنی اولاد پر کیا حق ہے؟

قَالَ: هُمَا جَنَّتُكَ وَ نَارُكَ

آپ ﷺ نے فرمایا: یہ دونوں تمہاری جنت یا جہنم (کا باعث) ہیں۔"

(سنن ابن ماجه، كتاب الأدب، باب 1، حديث 3662، ضعيف)

260:- Narrated Abu Umaamah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا:
A man asked the Prophet (PBUH) about the rights of parents saying: "What is the right of parents on their children?" The Prophet (PBUH)said: "They are your paradise and your hell." (you can enter paradise by obeying them and you can enter hell by disobeying them).

✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲

اولاد کی کمائی ماں باپ کیلئے جائز ہے

The earning of children is permissible for the parents.

(261) عَنْ عَائِشَةَ رض قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ:

اِنَّ مِنْ اَطْيَبِ مَا اَكَلَ الرَّجُلُ مِنْ كَسْبِهٖ

"بلاشبہ سب سے زیادہ پاکیزہ رزق وہ ہے، جو آدمی خود اپنی محنت سے کما کر کھائے

وَ وَلَدُهٗ مِنْ كَسْبِهٖ

ہاں اُس کی اولاد بھی اُس کی کمائی ہی ہے۔

(469) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

اَلْعَبْدُ اِذَا نَصَحَ سَيِّدَهٗ

''غلام (نوکر)، جب اپنے آقا کا خیر خواہ ہو

وَاَحْسَنَ عِبَادَةَ رَبِّهٖ كَانَ لَهٗ اَجْرُهٗ مَرَّتَيْنِ

اور اپنے رب کی عبادت اچھے طریقے سے کرے تو اسے دوگنا اجر ملے گا''۔

(صحیح بخاری ، کتاب العتق ، باب 16 ، حدیث 2546)

469:- Narrated Abdullah bin Umar رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا, The Prophet ﷺ said:
If a slave is loyal to his master and performs the service of his master properly, he will get double reward.

****

آقا کے حقوق

The rights of the master.

(470) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

اَلْخَادِمُ فِيْ مَالِ سَيِّدِهٖ رَاعٍ

''نوکر، اپنے آقا کے مال کا ذمے دار ہے

وَمَسْئُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهٖ

اور وہ اپنی ذمے داریوں کے بارے میں جواب دہ بھی ہے''۔

(صحیح بخاری ، کتاب العتق ، باب 19 ، حدیث 2558)

470:- Narrated Abdullah bin Umar رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا, The Prophet ﷺ said:
The servant is the guardian over the property of his master and he is responsible for what is under his guardianship.

(471) عَنْ جَابِرٍؓ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ:

مَنْ اَحْيَا أَرْضاً مَيْتَةً فَهِيَ لَهُ

جس نے کسی بنجر زمین کو آباد کیا وہ اُسی کی ہوگی۔

(جامع ترمذی ، کتاب الأحکام ، باب 38 ، حدیث 1379 ، عن جابرؓ)

471:- Narrated Jabir رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا , The Prophet ﷺ said: Whoever cultivated the barren land, it will be his

✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲

(472) عَنْ عَائِشَةَؓ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ:

مَنْ اَعْمَرَ اَرْضًا لَيْسَتْ لِاَحَدٍ

''جس نے کسی ایسی (بنجر) زمین کو آباد کیا، جو کسی کی ملکیت نہیں تھی،

فَهُوَ اَحَقُّ بِهَا

تو آباد کرنے والا ہی اس زمین کا زیادہ حق دار ہوگا۔''

(صحیح بخاری ،کتاب الحرث و المزارعة ، باب 15 ، حدیث 2335 ، عن عائشہؓ)

472:- Narrated Aishah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا , The Prophet ﷺ said: Whoever cultivated the land which did not belong to anyone, he has more right for its possession.(as well as ownership)

✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲

گیارہواں باب

اجتماعیت

Social Justice

(Sociology)

عصبیت

(Prejudice is the blind support of your race, colour, family, nation, tribe, caste, language and region etc.)

(عصبیت سے مراد، اپنی نسل، رنگ، خاندان، قوم، برادری، ذات، زبان، علاقے وغیرہ کی اندھی حمایت ہے)

(473) عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ رضی اللہ عنہ قَالَ :

قُلْتُ : يَا رَسُولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم ! مَا الْعَصَبِيَّةُ؟

”حضرت واثلة بن اسقع رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: یارسول اللہ! عصبیت کیا چیز ہے؟

قَالَ : اَنْ تُعِيْنَ قَوْمَكَ عَلَى الظُّلْمِ

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارا اپنی قوم کے ظلم کے باوجود، اس کی مدد کرنا عصبیت ہے۔“

(سنن ابی داؤد کتاب الأدب ، باب 121 ، حدیث 5119)

473:- Narrated Wathilah Bin Asquah رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْھَا
I asked the Prophet ﷺ : "O Messenger of Allah! What is prejudice?" The Prophet (PBUH) said: "That you help your people in oppression." (Even if they are the transgressors)

(474) عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍؓ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ:

لَيْسَ مِنَّا مَنْ دَعَا اِلَى عَصَبِيَّةٍ

''عصبیت کی طرف بلانے والا، ہم میں سے نہیں ہے،

وَلَيْسَ مِنَّا مَنْ قَاتَلَ عَلٰى عَصَبِيَّةٍ

عصبیت کے نام پر قتال کرنے والا، ہم میں سے نہیں ہے،

وَلَيْسَ مِنَّا مَنْ مَاتَ عَلٰى عَصَبِيَّةٍ

اور عصبیت پر موت پانے والا بھی، ہم (مسلمانوں) میں سے نہیں ہے''۔

(سنن ابی داؤد' کتاب الأدب ، باب 121، حدیث 5121)

474 :- Narrated Jubair bin Mut'im رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ, The Prophet ﷺ said: Whoever gave call for prejudice is not one of us, and whoever fought for prejudice is not one of us, and whoever died for prejudice is not one of us.

****

(475) عَنْ جُنْدَبِ بْنِ عَبْدِ اللهِ الْبَجَلِيِّؓ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ:

مَنْ قُتِلَ تَحْتَ رَايَةٍ عُمِّيَّةٍ يَدْعُو عَصَبِيَّةً

''جو شخص عصبیت کی اندھا دھند حمایت میں، کسی عصبیت کی طرف بلاتے ہوئے،

اَوْ يَنْصُرُ عَصَبِيَّةً فَقِتْلَةٌ جَاهِلِيَّةٌ

یا کسی عصبیت ہی کی مدد کرتے ہوئے قتل کیا جائے تو اس کا یہ قتل، جاہلیت کا قتل ہوگا''۔

(صحیح مسلم ، کتاب الامارۃ ، باب 13 ، حدیث 1850)

475:- Narrated Jundab bin Abdullah Al-Jubli رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ , The Prophet ﷺ said:
Whoever was killed helping blindly the call for prejudice or helping some kind of prejudice, his murder will be considered the murder of pre-Islamic period.

(476) عَنْ عَبْدِاللهِ بْنِ عَبَّاسٍ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ:

مَنْ قُتِلَ فِيْ عِمِّيَّةٍ اَوْ عَصَبِيَّةٍ بِحَجَرٍ

''جو شخص اندھی مخالفت میں، یا تعصب کی وجہ سے، پتھر سے،

اَوْ سَوْطٍ اَوْ عَصًا فَعَلَيْهِ عَقْلُ الْخَطَاءِ

کوڑے یا ڈنڈے سے قتل کیا جائے تو اس کی دیت لازم ہوگی (جیسے قتل خطا میں ہے)

وَمَنْ قَتَلَ عَمَدًا فَهُوَ قَوَدٌ

اور جو عمداً قتل کرے تو قاتل پر قصاص ہوگا۔

وَمَنْ حَالَ بَيْنَهُ وَبَيْنَهُ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللهِ

اور جو شخص، دیت یا قصاص میں حائل ہو جائے تو اس پر اللہ،

وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ

فرشتوں اور سب لوگوں کی لعنت ہے۔

لَا يُقْبَلُ مِنْهُ صَرْفٌ وَلَا عَدْلٌ

اس کا نہ نفل عمل قبول ہوگا اور نہ فرض''۔

(سنن ابن ماجه 'كتاب الديات ، باب 8 ، حديث 2635، صحيح)

476:- Narrated Abdullah bin Abbas رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا، The Prophet ﷺ said:

Whoever was killed in blind enmity or prejudice with a stone or a whip or a staff, his blood money will be paid (like the unintentional murder). And whoever commits intentional murder, he will be killed in retaliation. Whoever tried to prevent the payment of blood-money or retaliation, deserves the curse by Allah, the angels and all the people. None of his good deeds whether voluntary or obligatory will be accepted.

امیر The Ruler

(477) عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ :

اِذَا بُوْیِعَ لِلْخَلِیْفَتَیْنِ فَاقْتُلُوا الْاٰخَرَ مِنْهُمَا

''جب دو (2) خلفاء کی بیعت ہو جائے تو بعد والے کو قتل کر دو!''

(صحیح مسلم 'کتاب الامارۃ، باب 15، حدیث 1853)

477:- Narrated Abu Sa'id Al-Khudri رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْهَا, The Prophet ﷺ said:
When the oath of allegiance has been taken for two caliphs, kill the latter of the two.

✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲

(478) عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَمُرَةَ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ :

یَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ سَمُرَةَ! لَا تَسْاَلِ الْاِمَارَةَ

''اے عبدالرحمٰن رض! امیر بنائے جانے کا مطالبہ نہ کرو!

فَاِنَّكَ اِنْ اُعْطِیْتَهَا عَنْ مَسْاَلَةٍ وُكِلْتَ اِلَیْهَا

کیونکہ اگر تمہارے مطالبے کی وجہ سے تمہیں امارت سونپ دی گئی
تو اس کو سرانجام دینا تمہارے لئے مشکل ہو جائے گا

وَاِنْ اُعْطِیْتَهَا عَنْ غَیْرِ مَسْاَلَةٍ اُعِنْتَ عَلَیْهَا

اور اگر بغیر مطالبے کے تمہیں امارت سونپی گئی تو پھر اس کام میں تمہاری مدد کی جائے گی''۔

(صحیح مسلم 'کتاب الامارۃ، باب 3، حدیث 1652)

478 :- Narrated Abdur Rahman bin Sumrah رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْھَا , The Prophet ﷺ said:
"O Abdur Rahman Ibn S umrah! Do not ask for emirate (authority), because if it is given to you on asking (for it), you will be entrusted to it (and it will be difficult for you to do justice with it) and if it is given to you without asking (for i t) you will be helped on it." (Allah will help you to do justice with it.)

(479) عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ ؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ:

يَا اَبَاذَرٍّ! اِنَّكَ ضَعِيْفٌ وَاِنَّهَا اَمَانَةٌ

''اے ابوذرؓ! تم کمزور آدمی ہو، جب کہ یہ (امارت) ایک امانت ہے،

وَاِنَّهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ خِزْىٌ وَنَدَامَةٌ

یہی امارت قیامت کے دن رسوائی اور پشیمانی کا باعث بن سکتی ہے۔

اِلَّا مَنْ اَخَذَهَا بِحَقِّهَا وَاَدّٰى الَّذِىْ عَلَيْهِ فِيْهَا

اس رسوائی سے وہی بچے گا، جس نے اِس کا حق ادا کیا اور اُن تمام حقوق امارت کو ادا کیا جو اس پر واجب ہوئے۔'' (مسلم ، کتاب الامارۃ ، باب 4 ، حدیث 1825)

479:- Narrated Abu Zarr رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْھَا ,The Prophet ﷺ said:
"O Abu Zarr! You are weak and it (authority/power) is a trust and it will be a source of disgrace and regret except for the person who deserved it and who carried out all his duties which fell on him regarding it (emirate)."

دوزخی امیر

The ruler who deserves Hell

(480) عَنْ مَعْقَلِ بْنِ يَسَارٍ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:

مَا مِنْ عَبْدٍ يَسْتَرْعِيْهِ اللّٰهُ رَعِيَّةً

”جس شخص کو اللہ تعالیٰ ایک رعیت عطا کر دے،

يَمُوْتُ يَوْمَ يَمُوْتُ وَهُوَ غَاشٌّ لِرَعِيَّتِهٖ

پھر اسے موت ایسی حالت میں آئے کہ وہ اپنی رعیت کے بارے میں خیانت کرتا ہو،

اِلَّا حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ

تو اللہ تعالیٰ اس پر جنت حرام کر دے گا۔“

(صحیح مسلم ، کتاب الامارة ، باب 5 ، حدیث 142)

480:- Narrated Ma'qil bin Yasaar رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا , The Prophet صلی اللہ علیہ وسلم said:
"Whoever is given the guardianship of some people by Allah, and he dies while he has deceived his people, Allah wil forbid paradise for him."

(481) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:

اِنَّ الْمُقْسِطِيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ عَلٰى مَنَابِرَ مِنْ نُوْرٍ عَنْ يَمِيْنِ الرَّحْمٰنِ عَزَّوَجَلَّ

"انصاف کرنے والے اللہ عزوجل کے دائیں طرف روشنی کے منبروں پر ہوں گے

وَكِلْتَا يَدَيْهِ يَمِيْنٌ

اور اللہ کے دونوں ہاتھ داہنے ہیں،

الَّذِيْنَ يَعْدِلُوْنَ فِيْ حُكْمِهِمْ وَ اَهْلِيْهِمْ وَمَا وَلُوْا

یہ وہ لوگ ہوں گے، جو گھریلو امور میں بھی اور سپرد کردہ امور میں بھی انصاف سے فیصلے کرتے ہیں۔" (صحیح مسلم، کتاب الامارۃ، باب 5، حدیث 1827)

481:- Narrated Abdullah bin Amr رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا, The Prophet صلی اللہ علیہ وسلم said:
The people who do justice will be on the pulpits of light on the right side of The Merciful, The Almighty and both His sides are right sides. These are the people who do justice in their decisions regarding their families and their subjects.

حکمران کی ذمہ داریاں

Responsibilities of the ruler.

(482) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:

الْإِمَامُ الَّذِىْ عَلَى النَّاسِ رَاعٍ

"امام جو لوگوں کا سربراہ ہے، وہ راعی اور نگران ہے،

وَهُوَ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهٖ

امام سے اُس کی رعیت کے بارے میں پوچھا جائے گا۔"

(صحیح بخاری ، کتاب الاحکام ، باب 1 ، حدیث 7138)

482:- Narrated Abdullah bin Umar رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا, The Prophet ﷺ said:
The leader who is guardian over the people will be asked about his subjects.

❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋

اسلامی حکومت انشورنس فراہم کرتی ہے

The Islamic government provides Insurance

(483) عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:

وَمَنْ تَرَكَ دَيْنًا اَوْ ضَيَاعًا

"جو شخص قرض یا (نادار) اولاد چھوڑ کر مرجائے

فَلْيَاْتِنِىْ

تو قرض خواہ اور محروم کو میرے پاس آنا چاہیے

فَاَنَا مَوْلَاهُ

کیونکہ میں (میری حکومت) اس کی سرپرست ہے۔"

(صحیح بخاری، کتاب الاستقراض، باب 11، حدیث 2399)

483:- Narrated Abu Hurairah رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْھَا, The Prophet ﷺ said: Whoever dies leaving behind a loan or ruined (Poor) children, they (the lender or the deprived children) should come to me because I am their guardian (being the head of Islamic state).

حکومت کی نگاہ میں سب برابر ہوں

All should be equal in the sight of the government.

(484) عَنْ عُبَادَةَ بْنِ صَامِتٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ:

اَقِيْمُوْا حُدُوْدَ اللهِ فِي الْقَرِيْبِ وَالْبَعِيْدِ

"قریب والوں اور دور والوں پر یکساں حدود جاری کرو!

وَلَا تَأْخُذْكُمْ فِي اللهِ لَوْمَةُ لَائِمٍ

اللہ کے معاملے میں تمہیں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت کی پرواہ نہیں ہونی چاہیے"۔

(سنن ابن ماجہ، کتاب الحدود، باب 3، حدیث 2540)

484:- Narrated Ubada bin Samit رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْھَا, The Prophet ﷺ said:
Execute the punishment fixed by Allah equally on those who are near you (your relations) and those who are away from you (all the others) and do not care for the reproach of critics in the matters of Allah.

عورت کی حکمرانی جائز نہیں

The rule of a woman is not lawful.

(485) عَنْ اَبِی بَکْرَۃَ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ:

لَنْ یُفْلِحَ قَوْمٌ وَلَّوا اَمْرَھُمْ امْرَاَۃً

”وہ قوم کبھی فلاح نہیں پا سکے گی، جس نے اپنے اہم معاملات کسی عورت کے سپرد کر دیئے۔“

(صحیح بخاری، کتاب المغازی باب 83، حدیث 4425)

485:- Narrated Abu Bakrah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا, The Prophet ﷺ said: "The people who entrusted their affairs to a woman will never prosper."

مامور اور اُس کی اطاعت

Obedience of the Ruler

(486) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ:

مَنْ اَطَاعَنِیْ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰہَ

”جس نے میری اطاعت کی، درحقیقت اس نے اللہ کی اطاعت کی،

وَمَنْ یَعْصِنِیْ فَقَدْ عَصَى اللّٰہَ

اور جس نے میری نافرمانی کی درحقیقت اس نے اللہ کی نافرمانی کی،

وَمَنْ یُطِعِ الْاَمِیْرَ فَقَدْ اَطَاعَنِیْ

جو شخص امیر کی اطاعت کرے درحقیقت وہ میرا مطیع ہے

وَمَنْ یَعْصِ الْاَمِیْرَ فَقَدْ عَصَانِیْ

اور جو امیر کا نافرمان ہو، درحقیقت وہ میرا نافرمان ہے“۔

(صحیح مسلم، کتاب الامارۃ، باب 8، حدیث 1835)

486:- Narrated Abu Hurairah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا , The Prophet ﷺ said:
"Whoever obeyed me infact he obeyed Allah and whoever disobeyed me infact he disobeyed Allah Whoever obeyed the ruler infact obeyed me and whoever disobeyed the ruler infact he disobeyed me."

(487) عَنْ عَرْفَجَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:

مَنْ اَتَاكُمْ وَ اَمْرُكُمْ جَمِيْعٌ عَلٰى رَجُلٍ وَاحِدٍ

''جب مسلمانوں کا نظامِ حکومت، ایک امیر کے پاس مجتمع ہو،

يُرِيْدُ اَنْ يَشُقَّ عَصَاكُمْ

ایسی حالت میں تمہارے پاس کوئی دوسرا شخص آ کر تمہارے درمیان پھوٹ ڈالنا چاہے

اَوْ يُفَرِّقَ جَمَاعَتَكُمْ فَاقْتُلُوْهُ!

یا (فرمایا) مسلمانوں کی وحدت کو پارہ پارہ کرنے لگے، تو اسے قتل کر ڈالو!''۔

(صحیح مسلم 'کتاب الامارۃ، باب 15، حدیث 1852)

487:- Narrated Arfajah رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْھَا, The Prophet ﷺ said: "Kill the person who wants to sow the seeds of discord among you and tear your unity after your affairs have been united in the hands of one man."

(488) عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :

اِنَّمَا الْاِمَامُ جُنَّةٌ

''امام (حکومت) کی حیثیت تو ڈھال کی سی ہے،

يُقَاتَلُ مِنْ وَرَائِهِ وَيُتَّقٰى بِهٖ فَاِنْ اَمَرَ بِتَقْوَى اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ وَعَدَلَ كَانَ لَهٗ بِذٰلِكَ اَجْرٌ

جس کی نگرانی میں قتال کیا جاتا ہے اور اسی کی وجہ سے مشکلات سے بچا جاتا ہے۔
اگر وہ اللہ سے ڈرنے کا حکم دے اور عدل کرے تو اس پر اسے اجر ملے گا

وَاِنْ يَّاْمُرْ بِغَيْرِهٖ كَانَ عَلَيْهِ مِنْهُ

اور اگر اس کے علاوہ کوئی اور حکم دے تو اس کا وبال اسی پر ہوگا''۔

(صحیح مسلم ، کتاب الامارة ،باب 9 ، حدیث 1841)

488 :- Narrated Abu Hurairah رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا, The Prophet ﷺ said: "Indeed, the ruler is like a shield. Battles are fought under his supervision and difficulties are avoided because of him. If he orders to fear Allah and administers justice, he will get the reward for it and if he orders for something else, he will have to suffer for it."

(489) عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ:

اِنَّهَا سَتَكُوْنُ بَعْدِیْ اَثَرَةٌ وَاُمُوْرٌ تُنْكِرُوْنَهَا

''عنقریب میرے بعد ترجیحات بدلیں گی اور ایسے معاملات پیش آئیں گے جو تمہیں ناگوار ہوں گے۔

قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللهِ! كَيْفَ تَاْمُرُ مَنْ اَدْرَكَ مِنَّا ذٰلِكَ؟

صحابہؓ نے پوچھا: اے اللہ کے رسول ﷺ!
اگر ہم میں سے کوئی اس وقت زندہ ہو تو آپ اُسے کیا کرنے کا حکم دیتے ہیں؟

قَالَ: تُؤَدُّوْنَ الْحَقَّ الَّذِیْ عَلَيْكُمْ

آپ ﷺ نے فرمایا: ''تمہارے ذمے دوسروں کے جو حقوق ہوں، انہیں ادا کرتے رہنا

وَتَسْاَلُوْنَ اللهَ الَّذِیْ لَكُمْ

اور اپنے حقوق کے بارے میں اللہ ہی سے سوال کرنا۔''

(صحیح مسلم کتاب الامارۃ، باب 10، حدیث 1843)

489:- Narrated Abdullah bin Mas'ud رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا, The Prophet ﷺ said:

"Indeed, there will appear after me selfishness and affairs which you would not like."The companions said:"O Messenger of Allah! What do you order us to do if any of us is alive by that time?" The Prophet (PBUH) said: "Fulfill the duties which you have (on other)."

❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋

نمازی حکمرانوں سے جنگ نہیں کی جا سکتی

The war against rulers is not permissible as long as they establish the prayers.

(490) عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ رضی اللہ عنہا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ:

سَتَكُوْنُ أُمَرَاءُ فَتَعْرِفُوْنَ وَتُنْكِرُوْنَ

''عنقریب تمہارے امراء ایسے ہوں گے کہ تم ان میں اچھے کام بھی دیکھو گے اور برے بھی۔

فَمَنْ عَرَفَ بَرِئَ

جس نے برے کام کو پہچان لیا وہ تو بچ گیا۔

وَمَنْ اَنْكَرَ سَلِمَ

جس نے برے کام کو برا جانا، وہ بھی بچ گیا

وَلٰكِنْ مَنْ رَضِيَ وَتَابَعَ

لیکن وہ شخص (تباہ ہوا) جو برے کام سے راضی ہوا اور اس کی پیروی کی۔

قَالُوْا: اَفَلَا نُقَاتِلُهُمْ؟

صحابہ رضی اللہ عنہم نے پوچھا: یارسول اللہ ﷺ! کیا ہم ایسے امراء سے جنگ نہ کریں؟

قَالَ: لَا مَا صَلَّوْا

آپ ﷺ نے فرمایا: ''نہیں! جب تک وہ نماز پڑھتے رہیں (تم اُن سے جنگ نہیں کر سکتے)''

(صحیح مسلم ، کتاب الامارۃ ، باب 16 ، حدیث 1854)

490:-Narrated Ummu Salamah رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا, The Prophet ﷺ said: "Soon there will appear among you rulers who will have some good things and some bad things in them. Whoever recognised their evil is saved and whoever disliked it is saved. But, whoever agreed with it (evil) and followed it (is ruined)". The companions asked: "Should we not fight against them?" The Prophet (PBUH) said: "No, not until they pray."

شورائیت
Consultation

(491) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رض قَالَ:

مَارَاَیْتُ اَحَدًا اَکْثَرَ مَشُوْرَةً لِاَصْحَابِهٖ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم

میں نے، اللہ کے رسول ﷺ سے بڑھ کر،
کسی اور کو اپنے ساتھیوں سے مشورہ کرنے والا نہیں دیکھا۔"

(جامع ترمذی ، کتاب الجهاد ، باب 34 ، حدیث 1734 ، عن ابی ہریرہؓ)

491:- Narrated Abu Hurairah رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْهَا:
"I have never seen anyone who consulted his companions more than the messenger of Allah (PBUH)." (Only in cases where their was no revelation by Allah)

✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲

(492) قَالَ الْاِمَامُ الْبُخَارِیُّ رض:

مَدَحَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم صَاحِبَ الْحِکْمَةِ

"نبی اکرم ﷺ نے علم و حکمت والے اُس شخص کی تعریف کی ہے،

حِیْنَ یَقْضِیْ بِهَا وَ یُعَلِّمُهَا

جو علم کی بناء پر فیصلے کرتا ہے اور اس کی تعلیم دیتا ہے،

لَایَتَکَلَّفُ مِنْ قِبَلِهٖ

اپنی طرف سے کوئی چیز گھڑ کر پیش نہیں کرتا،

وَ مُشَاوَرَةِ الْخُلَفَاءِ

اپنے مشیروں سے مشورہ کرتا ہے

وَسُوَالِهِمُ اَهْلَ الْعِلْمِ

اوراہل علم سے پوچھ کر کوئی اقدام کرتا ہے"۔

(صحیح بخاری 'کتاب الاعتصام بالکتاب، باب 13 تعلیقاً)

492:- The Prophet (PBUH) has praised the wise person who decides on the basis of his knowledge and imparts that knowledge to others. He does not fabricate anything to present from himself, consults his deputies and asks the knowledgeable before taking any step.

✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲

مشورہ مخلصانہ ہو

The advice should be sincere

(493)عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

اَلْمُسْتَشَارُ مُؤْتَمَنٌ

"جس سے مشورہ طلب کیا جائے، اس پر بھروسہ کیا جاتا ہے۔

(لہذا اسے اخلاص اور دیانت داری سے صحیح مشورہ دینا چاہئے)"۔

(سنن ابی داؤد ، کتاب الادب ، باب 123 ، حدیث 5128)

493:- Narrated Abu Hurairah رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهَا،The Prophet ﷺ said: The consultant is trusted (therefore, he should give sincere advice).

✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲

مسلمانوں کے مشورے سے حکمران کا انتخاب ہوگا

The ruler of muslims will be chosen by their consultation.

(494) عَنْ عَلِيٍّ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

لَوْ كُنْتُ مُؤَمِّرًا اَحَدًا مِنْ غَيْرِ مَشُوْرَةٍ مِنْهُمْ

''اگر میں ان (صحابہ) میں سے، بغیر مشورے کے کسی کو امیر بناتا

لَاَمَّرْتُ عَلَيْهِمْ ابْنَ اُمِّ عَبْدٍ

تو امّ عبد کے بیٹے (یعنی حضرت عبداللہ رض بن مسعود) کو بناتا''۔
(یعنی امیر اور خلیفہ بنانے کے لئے بھی مشورہ ضروری ہے)

(جامع ترمذی، کتاب المناقب، باب 38، حدیث 3808)

494 :- Narrated Ali رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا, The Prophet ﷺ said: "If I had appointed someone as a ruler without consulting them (the companions), I would have appointed Ibnu Ummi Abd (Abdullah bin Ma'sood (R.A.)) as their ruler."

مشورہ بہتر راستے کی طرف رہنمائی کرتا ہے
Consultation leads to a better decision

(495) عَنْ حَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رضی قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:

مَا تَشَاوَرَ قَوْمٌ قَطُّ اِلَّا هُدُوْا لِاَرْشَدِ اَمْرِهِمْ

''جماعت کی مشاورت اُسے صرف بہتر سے بہتر فیصلے ہی کی طرف رہنمائی کرتی ہے۔''

(الادب المفرد للبخاری ، جلد 1 ، حدیث 262 ، عن حسن بن علی)

495:- Narrated Hasan bin Ali رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا, The Prophet ﷺ said: "The consultation leads a people only to a better decision."

✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲

مشورے کی پیشکش
To offer advice

(496) عَنْ سَالِمٍ رضی قَالَ:

اَنَّ اَعْرَابِيًّا قَدِمَ بِحَلُوْبَةٍ لَهٗ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم

''(سالم کی روایت کرتے ہیں، ایک دیہاتی نے انہیں بتلایا کہ) وہ (دیہاتی) نبی اکرم ﷺ کے دور میں، ایک دودھ والی بکری یا اونٹنی لے کر (مدینہ) آیا،

فَنَزَلَ عَلٰى طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ فَقَالَ

اور مشہور صحابی طلحہ رضی بن عبید اللہ کے ہاں مہمان ٹھہرا تو انہوں نے اُسے کہا:

اِنَّ النَّبِیَّ ﷺ نَهٰی اَنْ یَّبِیْعَ حَاضِرٌ لِبَادٍ

نبی اکرم ﷺ نے شہری کو دیہاتی کے لئے خرید وفروخت کرنے سے منع فرمایا ہے،
(تاکہ دیہاتی کے ساتھ دھوکہ نہ ہو)

وَلٰکِنِ اذْهَبْ اِلَى السُّوْقِ فَانْظُرْ مَنْ یُّبَایِعُكَ

بہرحال تم بازار جاؤ! لیکن دھیان رکھنا کہ تم کس کے ساتھ سودا کرتے ہو؟

فَشَاوِرْنِیْ

پھر میرے پاس آکر مشورہ کر لینا،

حَتّٰی اٰمُرَكَ وَاَنْهَاكَ

تاکہ میں تمہیں یا تو سودے کو برقرار رکھنے کا مشورہ دوں، یا پھر تمہیں روک دوں''۔

(سنن ابی داؤد، کتاب البیوع والاجارات، باب47، حدیث3441، عن سالم المکی)

496 :- Narrated Salim رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْهَا that:
A Bedouin came to Madina with a milking animal (valuable animal) during the time of Prophet (PBUH) and stayed with Talha bin Ubaidullah(R.A).He (Talha) said to him: "The Prophet (PBUH) has forbidden the townsman to do trade with the bedouin" (so that the bedouin may not be deceived). "However, you go to the market and see who do you deal with. Then come to me for consultation, so that I may advise you to make the deal or not."

اجتماعیت کی اہمیت

Importance of Community

(497) عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم:

اِذَا خَرَجَ ثَلَاثَۃٌ فِیْ سَفَرٍ

''جب کبھی تین آدمی سفر کے لئے نکلیں

فَلْیُؤَمِّرُوْا اَحَدَھُمْ

تو اپنے میں سے ایک کو امیر منتخب کر لیں۔''

(سنن ابی داؤد ، کتاب الجهاد ، باب 87 ، حدیث 2608)

497:- Narrated Abu Sa'id Al-Khudri رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْھَا, The Prophet ﷺ said:
"Whenever three persons go on a journey together, they should appoint one of them as their leader (Ameer)."

(498) عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ:

اِنَّ اللهَ لَا يَجْمَعُ اُمَّتِيْ اَوْقَالَ اُمَّةَ مُحَمَّدٍ ﷺ عَلٰى ضَلَالَةٍ

"بلاشبہ اللہ تعالیٰ میری امت کو (یا امتِ محمدیہ ﷺ کو) گمراہی پر مجتمع نہیں کرے گا،

وَيَدُ اللهِ عَلَى الْجَمَاعَةِ

اللہ کی تائید ونصرت جماعت کے ساتھ ہوتی ہے

وَمَنْ شَذَّ شُذَّ فِي النَّارِ

اور جس نے اجتماعیت سے کنارہ کشی اختیار کی وہ دوزخ میں پھینک دیا گیا۔"

(جامع ترمذی، کتاب الفتن، باب 7، حدیث 2167)

498:- Narrated Abdullah bin Umar رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْهُمَا, The Prophet ﷺ said:
Verily, Allah will not unite my followers (or said followers of Muhammad (PBUH)) on misguidance. Allah's hand is on Al-Jamaah (The group/Ummah) and whoever segregates himself from them (consensus of the ulema/scholars) will be thrown into hellfire.

✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲✲

(499) عَنْ حَارِثِ الْاَشْعَرِيِّؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ:

اَنَا اٰمُرُكُمْ بِخَمْسٍ

"میں تمہیں پانچ (5) چیزوں کا حکم دیتا ہوں،

اَللهُ اَمَرَنِيْ بِهِنَّ

جن کا حکم مجھے اللہ تعالیٰ نے دیا ہے۔

السَّمْعَ وَالطَّاعَةَ وَالْجِهَادَ

(1) امیر کی بات سننا (سمع) (2) کہا ماننا (طاعت) (3) جہاد

وَالْهِجْرَةَ وَالْجَمَاعَةَ

(4) ہجرت (5) اور مسلمانوں کی جماعت سے وابستہ رہنا،

فَإِنَّهُ مَنْ فَارَقَ الْجَمَاعَةَ قِيدَ شِبْرٍ

اس لئے کہ جو شخص بالشت برابر جماعت سے جدا ہوا،

فَقَدْ خَلَعَ رِبْقَةَ الْإِسْلَامِ مِنْ عُنُقِهِ

اس نے اپنی گردن سے اسلام کی رسی نکال پھینکی،

إِلَّا أَنْ يَرْجِعَ

الا یہ کہ وہ دوبارہ جماعت کی طرف پلٹ آئے

وَمَنِ ادَّعَى دَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ

اور جس نے لوگوں کو جاہلیت کی طرف بلایا،

فَإِنَّهُ جُثَا جَهَنَّمَ

(یعنی غیر منظم زندگی، انتشار، فساد اور خانہ جنگی) تو وہ جہنم کا ایندھن بنے گا۔"

(جامع ترمذی ، کتاب الامثال ، باب 3 ، حدیث 2863)

499:- Narrated Al-Haarith Al-Ashari رَضِیَ اللهُ تَعَالٰی عَنْهَا, The Prophet ﷺ said: I order you to do five things which Allah has ordered me to do. (1) Listening to the leader, (2) obeying him, (3) fighting for the cause of Allah, (4) emigration (for Allah), and (5) being with the community. Whoever separated from the community by a span's length, he removed the noose of Islam from his neck unless he comes back to the community. And whoever invited the people towards ignorance (disorganisation, dissension, strife) will be the fuel of Hell-Fire.

الجماعت سے چمٹ کر رہنا ضروری ہے

Clinging to the Community is essential

(500) عَنْ عَبْدِاللهِ بْنِ عَبَّاسٍؓ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ:

مَنْ رَاٰی مِنْ اَمِيْرِهٖ شَيْئًا يَكْرَهُهُ

''کوئی شخص اگر اپنے امیر میں ایسی باتیں پائے' جنہیں وہ ناپسند کرتا ہے،

فَلْيَصْبِرْ فَاِنَّهُ مَنْ فَارَقَ الْجَمَاعَةَ شِبْرًا

تب بھی اسے صبر کرنا چاہئے، کیونکہ جو ایک بالشت بھی اجتماعیت سے علیحدہ ہوا

فَمَاتَ فَمِيْتَةٌ جَاهِلِيَّةٌ

اور اسی حالت میں اسے موت آ گئی تو اس کی موت، جاہلیت کی موت متصور ہوگی''۔

(صحیح مسلم، کتاب الامارة، باب 13، حدیث 1849)

500:- Narrated Abdullah bin Abbas رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا, The Prophet ﷺ said:

Whoever notices something in his leader which he does not like, should be patient; because whoever moved away from the community a span's length and died (in the same state) he will be considered to have died in ignorance (pre-Islamic period).

فسادی کی گردن اُڑا دی جائے گی

The person who creates dissension will be killed.

(501)عَنْ عَرْفَجَةَ ؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ:

إِنَّهُ سَتَكُوْنُ هَنَاتٌ وَهَنَاتٌ

”عنقریب فتنے اور فساد رونما ہوں گے،

فَمَنْ أَرَادَ أَنْ يُفَرِّقَ أَمْرَ هٰذِهِ الْأُمَّةِ وَهِيَ جَمِيْعٌ

لہذا ایسی حالت میں جو کوئی امت کے اتفاق میں دراڑیں ڈالنا چاہے

فَاضْرِبُوْهُ بِالسَّيْفِ كَائِنًا مَنْ كَانَ

تو اسے تلوار سے قتل کر دو! قطع نظر اس سے کہ وہ کون ہے“۔

(صحیح مسلم ، کتاب الامارۃ ، باب 14 ، حدیث 1852)

501:- Narrated Arfajah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا, The Prophet ﷺ said: Soon there will be mischief and dissension. Whoever wanted to create dissension in the affairs of this community (muslim Ummah) while they have been united, kill him with the sword, no matter, who he is.

عدل وانصاف

Justice and equity

(502) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَۃَ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ :

سَبْعَۃٌ یُظِلُّهُمُ اللّٰہُ تَعَالٰی فِیْ ظِلِّہٖ

''جس دن عرش الٰہی کے سائے کے علاوہ، کوئی اور سایہ میسر نہیں ہوگا

یَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلُّہٗ

اللہ تعالیٰ سات (7) صفات سے متصف افراد کو اپنے عرش کے نیچے سایہ فراہم کرے گا،

اِمَامٌ عَدْلٌ

ان میں سے پہلا وہ حکمران ہوگا، جو عدل وانصاف سے کام لیتا ہے''۔

(صحیح بخاری، کتاب الزکاۃ، باب 16، حدیث 1423)

502 :- Narrated Abu Hurairah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْهَا، The Prophet ﷺ said: Allah will provide shade to seven kind of people on the day when there will be no shade except the shade of his throne and one of them is the just ruler.

(503) عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم:

اِنَّ اَحَبَّ النَّاسِ اِلَی اللّٰہِ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ
وَاَدْنَاھُمْ مِنْہُ مَجْلِسًا اِمَامٌ عَادِلٌ

''روزِ قیامت، اللہ کے سب سے زیادہ پسندیدہ اور نشست کے اعتبار سے اللہ سے زیادہ قریب 'عادل حکمران' ہوں گے۔

وَاَبْغَضَ النَّاسِ اِلَی اللّٰہِ
وَاَبْعَدَھُمْ مِنْہُ مَجْلِسًا اِمَامٌ جَائِرٌ

اور اللہ کے مبغوض ترین اور نشست کے اعتبار سے سب سے زیادہ اللہ سے دور 'ظالم حکمران' ہوں گے۔''

(جامع ترمذی ، کتاب الأحکام ، باب 4 ، حدیث 1329)

503:- Narrated Abu Sa'id Al-Khudri رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْھَا, The Prophet ﷺ said:
"Indeed, the most beloved to Allah and nearest to Him according to seating arrangement on the day of Judg ement will be the just ruler; and the most hateful to Allah among all the people and farthest from Him in seating arrangement will be the oppressive ruler."

(504) عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم:

إِنَّ الْمُقْسِطِيْنَ عِنْدَ اللهِ عَلَى مَنَابِرَ مِنْ نُوْرٍ عَنْ يَمِيْنِ الرَّحْمٰنِ عَزَّوَجَلَّ

''قیامت کے دن عدل وانصاف سے کام لینے والے، روشنی کے منبروں پر براجمان، اللہ کے دائیں طرف ہوں گے،

وَكِلْتَا يَدَيْهِ يَمِيْنٌ

جب کہ اللہ کے دونوں ہی ہاتھ داہنے ہیں،

الَّذِيْنَ يَعْدِلُوْنَ فِيْ حُكْمِهِمْ وَأَهْلِيْهِمْ وَمَا وَلُوْا

یہ وہ لوگ ہوں گے، جو گھر والوں میں بھی اور سپرد کردہ امور کے فیصلوں میں، عدل و انصاف سے کام لیتے ہیں''۔

(صحیح مسلم، کتاب الامارۃ، باب 5، حدیث 1827)

504:- Narrated Abdullah bin Amr رَضِیَ اللهُ تَعَالٰی عَنْهُمَا, The Prophet ﷺ said:

The people who do justice, will be on the pulpits of light, on the right side of (Allah) The Merciful, The Almighty, and both His sides are right sides. These are the people who do justice in their decisions regarding their families and their subjects.

(505) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:

كُلُّ سُلَامَى مِنَ النَّاسِ عَلَيْهِ صَدَقَةٌ

''انسان کے ہر ہر جوڑ کے ذمے ایک صدقہ ہے۔

كُلَّ يَوْمٍ تَطْلُعُ فِيهِ الشَّمْسُ

يَعْدِلُ بَيْنَ النَّاسِ صَدَقَةٌ

ہر طلوع ہونے والے دن، اگر انسان، لوگوں کے درمیان عدل کرتا ہے تو یہ بھی صدقہ (نیکی) ہے''۔

(صحیح بخاری، کتاب الصلح، باب 11، حدیث 2702)

505:- Narrated Abu Hurairah رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْھَا, The Prophet ﷺ said: "Every joint of the human beings has to pay a charity. Every day in which the sun rises, if man does justice between the people, it will be considered a charity from him."

****

(506) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:

ثَلَاثَةٌ لَا تُرَدُّ دَعْوَتُهُمْ

''تین (3) افراد کی دعا رد نہیں کی جاتی:

الْإِمَامُ الْعَادِلُ

(1) عادل حکمران

وَالصَّائِمُ حَتّٰى يُفْطِرَ وَدَعْوَةُ الْمَظْلُوْمِ

(2) روزے دار کی افطاری تک دعا۔ (3) مظلوم کی دعاء،

يَرْفَعُهَا اللّٰهُ فَوْقَ الْغَمَامِ

اللہ تعالیٰ اس (دعا) کو بادلوں سے اوپر اٹھاتا ہے۔

وَتُفْتَحُ لَهَا اَبْوَابُ السَّمَاءِ

اس کے لئے آسمان کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں

وَيَقُوْلُ الرَّبُّ عَزَّوَجَلَّ

اور اللہ عزوجل فرماتا ہے:

وَ عِزَّتِيْ !

میری عزت کی قسم!

لَاَنْصُرَنَّكَ وَلَوْ بَعْدَ حِيْنٍ

میں ضرور تمہاری مدد کروں گا، اگرچہ کچھ عرصے بعد ہی کیوں نہ ہو!''

(جامع ترمذی ، کتاب الدعوات ، باب 129 ، حدیث 3598)

506:- Narrated Abu Hurairah رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا, The Prophet ﷺ said:

The supplication (dua') of three persons is never rejected: (1) The just ruler, (2) the fasting person until he breaks his fast, (3) and the prayer of an oppressed person. Allah raises it (the supplication - dua') above the clouds, the doors of heaven are opened for it, and Allah Almighty says: "By My Honour! I will definitely help you even if it is after some time."

ظلم اور ناانصافی

Tyranny and Injustice

(507) عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍؓ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ :

مَنْ ظَلَمَ مِنَ الْأَرْضِ شَيْئًا

''جس نے زمین کے معاملات میں تھوڑا سا بھی ظلم کیا،

طُوِّقَهُ مِنْ سَبْعِ أَرَضِيْنَ

(روزِ قیامت) اسے سات زمینوں کا طوق پہنایا جائے گا۔''

(صحیح بخاری ، کتاب المظالم ، باب 13 ، حدیث 2452)

507 :- Narrated Sa'id bin Zaid رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْھَا, The Prophet ﷺ said: Whoever did a little oppression regarding la nd (acquired it unjustly), he will have to wear the collar of seven earths round his neck (on the Day of Judgement).

❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋

(508) عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍؓ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ :

لَيْسَ مِنْ نَفْسٍ تُقْتَلُ ظُلْمًا

''جب بھی کسی انسان کو ظالمانہ قتل کیا جاتا ہے،

إِلَّا كَانَ عَلَى ابْنِ آدَمَ الْأَوَّلِ كِفْلٌ مِّنْهَا

تو آدمؑ کے اُس پہلے بیٹے (ہابیل) کو بھی اس گناہ کا ایک حصہ پہنچتا ہے

لِأَنَّهُ أَوَّلُ مَنْ سَنَّ الْقَتْلَ أَوَّلًا

کیوں کہ اسی نے سب سے پہلے قتل انسانی کی ابتداء کی تھی۔''

(صحیح بخاری ، کتاب الاعتصام بالکتاب والسنة ، باب 15، حدیث 7321)

508 :- Narrated Abdullah bin Mas'ud رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا , The Prophet ﷺ said:
Whenever someone is killed unjustly, a part of the sin reaches the first son of Adam (Habeel) because he is the person who first initiated the human murder.

(509) عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ ؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ:

اَلظُّلْمُ ظُلُمَاتٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

"ظلم، قیامت کے اندھیروں میں سے ایک اندھیرا ہے"۔

(صحیح بخاری، کتاب المظالم، باب 8، حدیث 2447)

509:- Narrated Abdullah bin Umar رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا ,The Prophet ﷺ said:
The oppression is darkness on the day of Judgement.

مظلوم مقتول مسلمان شہید ہوتا ہے

The unjustly murdered person is martyr.

(510) عَنْ سُوَيْدِ بْنِ مُقَرِّنٍ ؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ:

مَنْ قُتِلَ دُوْنَ مَظْلَمَتِهِ فَهُوَ شَهِيْدٌ

"جس شخص کو بغیر کسی جرم کے قتل کیا گیا تو وہ بھی شہید شمار کیا جائے گا"۔

(سنن النسائی، کتاب التحریم الدم، باب 25، حدیث 4107)

510:- Narrated Suwaid bin Muqurin رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا , The Prophet ﷺ said:
Whoever is killed without a crime will be considered as a martyr.

رسول اللہ ﷺ کا تقویٰ

The piety of the Messenger of Allah (PBUH).

(511) عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

اِنِّیْ لَاَرْجُوْ اَنْ اُفَارِقَكُمْ

"میں امید رکھتا ہوں کہ میں اس حال میں تم لوگوں کو چھوڑ کر دنیا سے جاؤں گا

وَلَا يَطْلُبُنِیْ اَحَدٌ مِّنْكُمْ بِمَظْلَمَةٍ ظَلَمْتُهٗ

کہ تم میں سے کوئی شخص، میرے کسی ظلم کا بدلہ لینے کا مطالبہ کرنے والا نہ ہوگا۔"

(سنن ابن ماجہ، کتاب التجارات، باب 27، حدیث 2201، صحیح)

511:- Narrated Abu Sa'id Al-Khudri رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا, The Prophet ﷺ said:

I hope to leave you in such a state that there is no one amongst you who has a claim against me for any wrong which I may have committed against him. (unintentional excess during enforcing discipline, teaching manners etc,)

جہاد فی سبیل اللہ

Struggling for the sake of Allah

(512) عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ غِفَارِیٍّ رضی اللہ عنہ قَالَ :

قُلْتُ : یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ ! اَیُّ الْعَمَلِ اَفْضَلُ ؟

"(ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) میں نے پوچھا: اے اللہ کے رسول ﷺ! کون سا عمل سب سے زیادہ افضل ہے؟

قَالَ : اَلْاِیْمَانُ بِاللّٰہِ وَالْجِهَادُ فِیْ سَبِیْلِهٖ

آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ پر ایمان اور اللہ کی راہ میں جہاد۔"

(صحیح مسلم، کتاب الایمان، باب 36، حدیث 84، عن ابی ذر رضی اللہ عنہ)

512 :- Narrated Abu Zarr Ghifaari رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْھَا,
I asked: "O Messenger of Allah! Which is the best deed?"
The Prophet (PBUH) replied: "Belief in Allah and fighting in His way."

* * * * * * * * * * * * * * *

(513) عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ :

لَغَدْوَةٌ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اَوْ رَوْحَةٌ

"اللہ کی راہ میں (سرحدوں پر) ایک صبح یا ایک شام،

خَیْرٌ مِّنَ الدُّنْیَا وَ مَا فِیْهَا

دنیا اور اس میں موجود تمام چیزوں سے بہتر ہے۔"

(صحیح بخاری، کتاب الجهاد، باب 5، حدیث 2792)

513:- Narrated Anas bin Malik رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا, The Prophet ﷺ said: "One morning or one evening (defending the borders) for the sake of Allah is better than the whole world and whatever is in it."

(514) عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جَبْرٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ:

مَا اغْبَرَّتْ قَدَمَا عَبْدٍ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ

''جس بندے کے پاؤں اللہ کی راہ میں غبار آلود ہو گئے،

فَتَمَسَّهُ النَّارُ

اسے دوزخ کی آگ کبھی نہیں چھو سکتی۔''

(صحیح بخاری، کتاب الجهاد، باب 16، حدیث 2811)

514:- Narrated Anas bin Malik رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا, The Prophet ﷺ said:
"One morning or one evening (defending the borders) for the sake of Allah is better than the whole world and whatever is in it."

(515) عَنْ زَیْدِ بْنِ خَالِدٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ:

مَنْ جَهَّزَ غَازِیًا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ فَقَدْ غَزَا

''جس نے اللہ کی راہ میں لڑنے والے غازی کو ساز و سامان مہیا کیا وہ بھی غازی ہے

وَمَنْ خَلَفَ غَازِیًا فِیْ اَهْلِهٖ بِخَیْرٍ فَقَدْ غَزَا

اور جو غازی کی غیر موجودگی میں، اسکے اہل و عیال کا اچھا جانشین بنا، وہ بھی غازی شمار ہوگا۔''

(صحیح بخاری کتاب الجهاد، باب 38، حدیث 2843)

515:- Narrated Zaid bin Khalid رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا, The Prophet ﷺ said:
"Whoever provided a fighter in the way of Allah with his equipment, he indeed strived in the way of Allah; and whoever stayed behind and looked after the family of the fighter in the way of Allah, he indeed strived in the way of Allah."

(516) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ ؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ:

وَالَّذِیْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِیَدِهٖ

"اس ذات کی قسم! جس کے قبضے میں محمد (ﷺ) کی جان ہے،

لَوَدِدْتُ اَنْ اَغْزُوَ فِیْ سَبِیْلِ اللهِ فَاُقْتَلَ

میری خواہش ہے کہ میں اللہ کی راہ میں لڑوں اور مارا جاؤں،

ثُمَّ اَغْزُوَ فَاُقْتَلَ ثُمَّ اَغْزُوَ فَاُقْتَلَ

پھر لڑوں اور مارا جاؤں، پھر لڑوں اور مارا جاؤں"۔

(صحیح مسلم، کتاب الامارۃ، باب 28، حدیث 1876)

516:- Narrated Abu Hurairah رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا, The Prophet ﷺ said:
"By the One in Whose Hand is Muhammad's (PBUH) life! I wish that I fight in the way of Allah and get killed, then I fight (again) and get killed, then I fight (again) and get killed."

(517) عَنْ اَنَسٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ:

جَاهِدُوا الْمُشْرِكِيْنَ بِاَمْوَالِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ وَاَلْسِنَتِكُمْ

"مشرکین سے جہاد کرو! اپنے مالوں سے، اپنے ہاتھوں سے، اور اپنی زبانوں سے"۔

(سنن ابی داؤد، کتاب الجهاد، باب 18، حدیث 2504)

517:- Narrated Anas رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا, The Prophet ﷺ said: "Fight against the idolaters with your wealth, with your hands and with your tongues."

****

(518) عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ:

مَنْ قَاتَلَ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰہِ مِنْ رَجُلٍ مُسْلِمٍ فُوَاقَ نَاقَةٍ

"جس آدمی نے اللہ کی راہ میں، ایک اونٹنی کے دودھ دوہنے کے وقفے کے برابر وقت بھی جہاد کیا،

وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ

اس کے لئے جنت واجب ہوگئی"۔

(سنن ابن ماجه، کتاب الجهاد، باب 15، حدیث 2792، صحیح)

518:- Narrated Muaaz Bin Jabal رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا, The Prophet ﷺ said:
Whoever fought in the way of Allah for the period which is required to milk a she-camel, paradise becomes obligatory for him.

****

(519) عَنْ عَبْدِاللهِ بْنِ عَبَّاسٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ:

عَيْنَانِ لَا تَمَسُّهُمَا النَّارُ:

"دو(2) آنکھوں کو دوزخ کی آگ نہیں چھوئے گی،

عَيْنٌ بَكَتْ مِنْ خَشْيَةِ اللهِ

ایک وہ جو خوفِ خدا سے اشک بار ہوئی،

وَعَيْنٌ بَاتَتْ تَحْرُسُ فِي سَبِيلِ اللهِ

اور دوسری وہ آنکھ، جو اللہ کی راہ میں رات بھر پہرہ دیتی رہی۔"

(جامع ترمذی، کتاب فضائل الجهاد، باب 12، حدیث 1639)

519 :- Narrated Abdullah bin Abbas رَضِيَ اللهُ تَعَالَىٰ عَنْهُمَا, The Prophet ﷺ said:
"The fire (of Hell) will not touch two eyes: The eye that shed tears with the fear of Allah and the eye that spent the night keeping watch for the sake of Allah."

❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋

(520) عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ:

مَنْ مَاتَ وَلَمْ يَغْزُ

"وہ شخص جو اس حال پر مرا کہ نہ تو اس نے جہاد کیا،

وَلَمْ يُحَدِّثْ بِهِ نَفْسَهُ

اور نہ کبھی دل میں اس جہاد کا ارادہ کیا

مَاتَ عَلَى شُعْبَةٍ مِّنْ نِفَاقٍ

وہ نفاق کی ایک حالت میں مرا۔"

(صحیح مسلم، کتاب الامارة، باب 47، حدیث 1910)

520:- Narrated Abu Hurairah رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا, The Prophet ﷺ said: Whoever died without fighting in the way of Allah and without having an intention for it, he died in a kind of hypocrisy.

قرض کے علاوہ شہید کے دیگر گناہ معاف ہیں

All the sins of a martyr will be forgiven except the debt.

(521) عَنْ اَبِیْ قَتَادَۃَ رض قَالَ :

اَرَاَیْتَ اِنْ قُتِلْتُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ تُکَفَّرُ عَنِّیْ خَطَایَایَ؟

"(ایک آدمی نے دریافت کیا: اے اللہ کے رسول!) اگر میں اللہ کے راستے میں شہید کر دیا جاؤں تو کیا میری خطائیں معاف ہو جائیں گی؟

فَقَالَ لَہٗ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم :

رسول اللہ ﷺ نے اُس شخص سے فرمایا:

نَعَمْ ! اِنْ قُتِلْتَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ

ہاں کیوں نہیں، بشرطیکہ تم اللہ کی راہ میں قتل کئے جاؤ!

وَاَنْتَ صَابِرٌ مُحْتَسِبٌ مُقْبِلٌ غَیْرُ مُدْبِرٍ

اور بشرطیکہ تم ثابت قدمی سے لڑو، ثواب کی توقع رکھو، پیش قدمی کرو اور پیٹھ نہ دکھاؤ،

.... اِلَّا الدَّيْنَ

سوائے قرض کے (وہ معاف نہیں ہوگا)،

فَإِنَّ جِبْرِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ لِي ذٰلِكَ

مجھے جرائیلؑ نے یوں ہی بتایا ہے۔"

(صحیح مسلم، کتاب الامارة، باب 32، حدیث 1885)

521:- Narrated Abu Qataadah رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهَا:
(A man asked the messenger of Allah (PBUH)).If I am martyred fighting for the sake of Allah, will my sins be forgiven?" The messenger of Allah said to him: "Yes; provided you are killed in the way of Allah, and provided you are steadfast and expect the reward and fight bravely and do not turn your back; but the debt (will not be forgiven). This is what I have been told by Jibreel (Gabriel)."

جہاد قیامت تک جاری رہیگا

Struggling for the sake of Allah willcontinue till Doomsday.

(522) عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:

لَنْ يَبْرَحَ هٰذَا الدِّيْنُ قَائِمًا يُقَاتِلُ عَلَيْهِ

"دین اسلام مستقل طور پر قائم ودائم رہے گا

عِصَابَةٌ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ حَتّٰى تَقُوْمَ السَّاعَةُ

اور تا قیامت مسلمانوں کا ایک گروہ، اس دین کی خاطر قتال کرتا رہے گا۔"

(صحیح مسلم، کتاب الامارة، باب 53، حدیث 1922)

522 :- Narrated Jabir bin Sumrah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہا ,The Prophet ﷺ said:
This religion (Islam) will exist forever and a group of muslims will continue fighting for it till Doomsday.

(523) عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِنْ اُمَّتِیْ يُقَاتِلُوْنَ عَلَى الْحَقِّ

"میری امت کی ایک جماعت مستقل طور پر برحق قتال کرتی رہے گی

ظَاهِرِيْنَ عَلٰى مَنْ نَاوَاهُمْ

یہ لوگ اپنے دشمنوں پر غالب رہیں گے

حَتّٰى يُقَاتِلَ اٰخِرُهُمُ الْمَسِيْحَ الدَّجَّالَ

یہاں تک کہ ان مجاہدین کا آخری شخص، مسیح دجال سے قتال کرے گا۔"

(سنن ابی داؤد ، کتاب الجهاد ، باب 4 ، حدیث 2484)

523:- Narrated Imran bin Haseen رَضِیَ اللهُ تَعَالٰی عَنْهَا , The Prophet ﷺ said:

"A group of my followers will continue fighting for the sake of truth forever. They will be dominant over their enemies until the last of them will fight against the false Christ (Antichrist - Dajjal)."

حدیث — جوامع

الفوز اکیڈمی کی دیگر مطبوعات

(1) قواعدِ زبانِ قرآن (اول)
(2) قواعدِ زبانِ قرآن (حصہ دوم)
(3) توحید اور شرک
(4) رسالت
(5) اسلام میں آخرت کا تصور
(6) نماز
(7) اِنفاق فی سبیل اللہ
(8) درس قرآن کی تیاری کیسے کی جائے؟
(9) مؤثر ابلاغ
(10) تزکیہ نفس
(11) حدیث کی اہمیت اور ضرورت
(12) خلاصۃ القرآن
(13) اسلامی تربیت گاہیں
(14) نصاب برائے حفظ
(15) سورۃ یٰس
(16) اسلام میں نجات کا تصور اور عقیدہ شفاعت
(17) نماز تہجد
(18) اعتکاف


طلبہ، مکتبہ جات اور ڈسٹری بیوٹرز کے لیے خصوصی رعایت

اہل خیر حضرات دعوتی اور تبلیغی نقطہ نظر سے اس کتابچے کو 1,000 یا 2,000 کی تعداد میں اصلی لاگت پر چھپوا کر تقسیم کر سکتے ہیں۔ الفوز اکیڈمی سے رابطہ فرمائیے۔

Al-Fawz Academy

Prophetic Wisdom

500 Assorted Short Sayings of Prophet Muhammad (PBUH) for Memorization



Khaleel-ur-Rahman Chishti

Translated by :

Prof. **Habibur Rahman Qazi**

Quran & Ahadith Education Series, Volume-34, Version-1